Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 منگل، 20 جون 2023ء یکم ذی الحجہ 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 63

ہمیں قرضوں سے جان چھڑانی چاہیے، قابل اعتماد دوستوں نے ہمیشہ برے وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، وہ دوست بھی سمجھتے ہیں پاکستان کب تک قرضے لے گا

ٹانگیں کھینچنے کے بجائے اکنامک ایجنڈے پر اکٹھا ہونا ہوگا، شہباز شریف

آج میرے لیے بہت خوشی کا دن ہے، باصلاحیت نوجوانوں سے مل کر بہت خوشی ہوئی، نوجوان اوران کے اساتذہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، شہباز شریف

آج کے زمانے میں 10 لاکھ کی ویلیو بہت کم ہے، نوجوانوں نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیت دکھائی، پاکستان کا مستقبل ہونہار نوجوانوں کے ہاتھوں میں محفوظ ہے، وزیراعظم

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی)وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مختلف ادوار میں قرض لیے گئے جو بہت بڑا بوجھ ہے، ہمیں قرضوں سے جان چھڑانی چاہیے، قابل اعتماد دوستوں نے ہمیشہ برے وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، وہ دوست بھی سمجھتے ہیں پاکستان کب تک قرضے لے گا۔اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آج میرے لیے بہت خوشی کا دن ہے، باصلاحیت نوجوانوں سے مل کر بہت خوشی ہوئی، نوجوان اور ان کے اساتذہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، آج کے زمانے میں 10 لاکھ کی ویلیو بہت کم ہے، نوجوانوں نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیت دکھائی، پاکستان کا مستقبل ہونہار نوجوانوں کے ہاتھوں میں محفوظ ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کے ہاتھوں میں ایک ہنر ہونا چاہیے، نوجوان اپنی محنت اور قابلیت سے عالمی مارکیٹ میں اپنا مقام بنائیں گے، ہم نے لاکھوں لیپ ٹاپ میرٹ پر تقسیم کیے، لیپ ٹاپ سکیم پر الزامات کے تیر برسائے گئے مگر پرواہ نہیں کی، میں بچوں کو لیپ ٹاپ دے رہا تھا کلاشنکوف نہیں، میرا اگر بس چلے تو ہر ہونہار بچے کے ہاتھ میں لیپ ٹاپ ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا آج پاکستان کو شدید مالی چیلنجز کا سامنا ہے، میرا ایمان ہے ان مشکلات سے ضرور نکلیں گے، پوری قوم مضبوط ارادہ کرلے تو پھر کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی، مشکل وقت میں چین پاکستان کا بھرپور ساتھ دے (بقیہ نمبر 1)

تحریک انصاف کے بیرونی ایجنڈے کو پاش پاش کردیا، فضل الرحمان

ٹانک میں کارکنوں سے خطاب میں مولانا فضل الرحمان نے چیئرمین پی ٹی آئی اوران کی جماعت پر تنقید کی

ٹانک(خبر نگار)حکومتی اتحاد)پی ڈی ایم (کے سربراہ فضل الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف بیرونی ایجنڈے پر کام کررہی تھی ہم نے اس کے ایجنڈے کو پاش پاش کردیا۔ٹانک میں کارکنوں سے خطاب میں مولانا فضل الرحمان نے چیئر (بقیہ نمبر4)

300 پاکستانی بیروزگاری سے بچنے کیلئے یونان کے سمندر میں شہید ہو گئے، شیخ رشید

یہ پہلا واقعہ نہیں ہے، جب 20 کلو آٹے کا تھیلا 3000 روپے کا ہوگا تو لوگ زہر کا گھونٹ پینے پر مجبور ہوں گے

راولپنڈی(اسپیشل رپورٹر)عوامی مسلم لیگ کے سربراہ وسابق وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ہم اپنے 300 پاکستانیوں کا سوگ منا رہے ہیں، لوگ بیروزگاری اور معاشی قتل عام سے بچنے کیلئے یونان کے سمندر میں شہید ہوگئے۔سماجی رابطوں کی ویب (بقیہ نمبر 3)

بلاول کی دھمکی کام کر گئی، سندھ کے سیلاب متاثرین کیلئے 25 ارب کی منظوری

یہ رقم سندھ میں سیلاب متاثرین کی امداد پر خرچ ہوگی، وزیراعظم نے جمعہ کو پیپلز پارٹی کے وفد سے ملاقات

اسلام آباد(نیوز رپورٹر)بلاول بھٹو کی دھمکی کام کر گئی، وزیراعظم شہبازشریف نے سندھ میں سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے 25ارب روپےکی منظوری دے دی۔ذرائع کے مطابق یہ رقم سندھ میں سیلاب متاثرین کی امداد پر خرچ ہوگی، وزیراعظم نے جمعہ (بقیہ نمبر 2)

یونان کشتی حادثہ کے معاملے پر وزارت داخلہ میں کوآرڈی نیشن سیل قائم کردیا گیا جس کا وزارت داخلہ نے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا ہے

یونان کشتی حادثہ

لواحقین کی معاونت

وزارت داخلہ میں کوآرڈی نیشن سیل قائم

نوٹیفکیشن کے مطابق کوآرڈی نیشن سیل میں وزارت داخلہ، وزارت خارجہ، وزارت صحت، وزارت اوورسیز اور ایف آئی اے کے نمائندے شامل ہوں گے

وزارت داخلہ کی جانب سے نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد اور آزاد کشمیر میں کیمپ بھی قائم کیے جائیں گے، ضرورت پڑنے پر کسی اور شہر میں بھی کوآرڈینیشن سیل کا کیمپ آفس قائم کیا جاسکے گا

کوآرڈی نیشن سیل جاں بحق افراد کے اہلخانہ کے ڈی این اے ٹیسٹ کیلئے معاونت کرے گا، پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی سے رابطہ بھی کرے گا، ڈی این اے ٹیسٹ کے بعد رپورٹس یونان میں پاکستانی سفارتخانے کو بھیجی جائیں گی

اسلام آباد(خصوصی خبرنگار)یونان کشتی حادثہ کے معاملے پر وزارت داخلہ میں کوآرڈی نیشن سیل قائم کر دیا گیا جس کا وزارت داخلہ نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق کوآرڈی نیشن سیل میں وزارت داخلہ، وزارت خارجہ، وزارت صحت، وزارت اوورسیز اور ایف آئی اے کے نمائندے شامل ہوں گے، کوآرڈی نیشن سیل یونان میں ہونے والے کشتی حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے متعلق معلومات حاصل کرے گا۔کوآرڈی نیشن سیل جاں بحق افراد کے اہلخانہ کے ڈی این (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: ٹانگیں کھینچنے کے بجائے اکنامک ایجنڈے پر اکٹھا ہونا ہوگا: وزیراعظم شہباز شریف

حکومت کشتی حادثے کا شکار افراد کے خاندانوں کی بھرپور معاونت کریگی، رانا ثنا اللہ

یونان کشتی حادثہ میں اموات ایک بہت بڑا سانحہ ہے، ملک بھر کے عوام اپنے بھائیوں کی دیار غیر میں اموات پر سوگوار ہیں

پاکستان بھر میں سانحہ پر قومی سطح پر سوگ منایا جارہا ہے، انسانی سمگلنگ کو روکنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد(نامہ نگار)وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ حکومت کشتی سانحے کا شکار افراد کے خاندانوں کی ہر قسم کی بھرپور معاونت کرے گی۔اپنے ایک بیان میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ یونان کشتی حادثہ میں اموات ایک بہت بڑا سانحہ ہے، ملک بھر کے عوام اپنے بھائیوں کی دیار غیر میں (بقیہ نمبر 13)

کراچی: دھاندلی کا الزام لگانے والوں کو کارکردگی سے جواب دینگے: بلاول بھٹو

اسلام آباد اسمبلی کے قیام کی درخواست، وفاق، اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری

اسلام آباد(جنرل رپورٹر)عدالت نے اسلام آباد اسمبلی کے قیام کی درخواست پر وفاقی حکومت اور اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کردیے۔اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس محسن اختر (بقیہ نمبر 6)

القادر ٹرسٹ کیس میں بشریٰ بی بی کی ضمانت منظور کر لی گئی

بشریٰ بی بی کی درخواستِ ضمانت پر سماعت احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے کی

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی القادر ٹرسٹ کیس میں عدالت نے 4 جولائی تک عبوری ضمانت منظور کر لی۔القادر ٹرسٹ کیس میں بشریٰ بی بی کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔بشریٰ بی بی کی (بقیہ نمبر 7)

پنجاب بجٹ کی منظوری، 600 ارب روپے کا قرض فوری اتارنے کا فیصلہ

عامر میر نے بتایا کہ نگران حکومت نے صحافیوں کے لیے 1ارب روپے کے انڈومنٹ فنڈ کی بھی منظوری دی ہے

600ارب روپے کا قرضہ ادا نہ کرتے تو سال کے آخر تک یہ قرضہ 1100 ارب ہو جانا تھا لہذا آئندہ 4 ماہ میں یہ قرض اتار دیا جائیگا

لاہور میں نگران وزیر اطلاعات عامر میر نے بجٹ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ نگران وزیراعلی نے فوری طور پر 600ارب روپیکا قرض اتارنیکا فیصلہ کیا ہے، 600ارب روپے کا قرضہ ادا نہ کرتے تو سال کے آخر تک یہ قرضہ 1100ارب ہو جانا تھا لہذا آئندہ 4ماہ میں یہ قرض (بقیہ نمبر 8)

محسن نقوی کا پی آئی سی دورہ، علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا

محسن نقوی نے ہارٹ اٹیک کے مریضوں کے لئے پرائمری انجیو گرافی کی مہیا کی جانیوالی سہولیات کا جائزہ لیا

مریضوں کی عیادت اور خیریت دریافت کی، وزیراعلی نے مریضوں اور تیمارداروں سے پی آئی سی میں فراہم کردہ سہولتوں بارے استفسار کیا

لاہور(سٹاف رپورٹر) نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا اور ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی علاج معالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔محسن نقوی نے پی آئی سی کی ایمرجنسی وارڈ کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں کی عیادت اور خیریت دریافت کی، وزیراعلی نے مریضوں اور تیمارداروں سے پی آئی سی میں فراہم کردہ سہولتوں بارے استفسار کیا، محسن نقوی نے مریضوں سے بائی پاس اور انجیو گرافی کی سہولتوں بارے دریافت کیا۔نگران وزیراعلی پنجاب نے پی آئی سی میں انجیو پلاسٹی گائیڈنگ کیتھیٹرز کی قلت کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری صحت کو انجیو پلاسٹی گائیڈنگ کیتھیٹرز کی فوری فراہمی کے لئے موقع پر ہی ہدایات دیں، محسن نقوی نے ہارٹ اٹیک کے مریضوں کے لئے پرائمری انجیو گرافی کی مہیا کی جانیوالی (بقیہ نمبر 12)

محکمہ خزانہ پنجاب کی جانب سے آئندہ مالی سال کا بجٹ

محکمے کی جانب سے نگران حکومت کی زیر نگرانی 4 ماہ کا بجٹ پیش کیا گیا ہے

لاہور(نیوز رپورٹر) محکمہ خزانہ پنجاب کی جانب سے آئندہ مالی سال کا بجٹ آج نگران کابینہ سے منظوری کے بعد پیش کر دیا گیا ۔آئین کے آرٹیکل 126 کے تحت محکمے (بقیہ نمبر 14)

لندن: پارٹی مشاورت کے بعد نواز شریف کی وطن واپسی کا اعلان کرینگے: اعظم نذیر تارڑ

ایل این جی کی درآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 19 فیصد کمی

اسلام آباد(جنرل رپورٹر)ایل این جی کی درآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے 11ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 19فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2022 سے مئی 2023 کے دوران ایل این جی کی درآمدات پر 3.47ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 19 فیصد کم ہے(بقیہ نمبر11)

عام انتخابات کیلئے ریٹرننگ افسروں کی تعیناتی کیلئے فہرستیں تیار

سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں عام انتخابات کی تیاریوں بارے اجلاس ہوا

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں عام انتخابات کی تیاریوں بارے اجلاس ہوا۔ذرائع کے مطابق سیکرٹری الیکشن کمیشن سمیت چاروں صوبائی (بقیہ نمبر 9)

نیٹ ویئرز کی برآمدات میں مئی کے دوران 3 فیصد اضافہ ریکارڈ

گزشتہ سال مئی کے دوران 1.12 ارب روپے کی کٹلری برآمد کی گئی

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) کٹلری کی برآمدات میں ایک سال کے دوران 22.7 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان)پی بی ایس(کے اعداد و شمار کے مطابق کٹلری کی برآمدات میں گزشتہ سال مئی کے مقابلے میں رواں سال مئی کے دوران 22.7 فیصد کا اضافہ ریکارڈ (بقیہ نمبر10)

عون محمد رضوی کی 24ویں برسی نہایت عقیدت واحترام سے منائی جائے گی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)9 جولائی 2023، بروز اتوار | دن 12 بجے مرکزی امام بارگاہ 6-26 اسلام آباد میں پی ٹی وی کے سابق کنٹرولر و سماجی شخصیت عون محمد رضوی کی 24ویں برسی نہایت عقیدت واحترام سے منائی جائے گی برسی کے موقع پر مفسر قرآن علامہ نصرت بخاری صاحب (بقیہ نمبر 16)

محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ

ایس ایس پی آپریشنز نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں

راولپنڈی(جنرل رپورٹ) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ، میٹنگ میں محرران اور ڈی ایف سی سٹاف کی شرکت، ایس ایس پی (بقیہ نمبر15)

SUPREME COURT OF PAKISTAN

اسلام آباد: وکیل قتل کے مقدمے میں چیئرمین پی ٹی آئی کی نامزدگی سپریم کورٹ میں چیلنج

پاکستان میں ذی الحج کا چاند نظر آگیا، عید الاضحیٰ 29 جون کو ہوگی

رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت کراچی میں منعقد ہو

دوسری جانب سعودی عرب میں ذی الحج کا چاند کل نظر آ گیا تھا جس کے مطابق یوم عرفہ 27 جون اور عیدالاضحیٰ 28 جون کو ہوگی

کراچی(سٹاف رپورٹر) پاکستان میں ذی الحج کا چاند نظر آ گیا، یکم ذی الحج 20جون بروز منگل جبکہ عیدالاضحیٰ 29جون بروز جمعرات ہوگی۔پاکستان میں ذی الحج کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 23)

پاکستان میں ذی الحج کا چاند نظر آ گیا، عیدالاضحیٰ 29 جون کو ہوگی

سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو نیب نے 22 جون کو طلب کرلیا

لاہور(سٹی رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو نیب نے ایک بار پھر طلب کرلیا۔ذرائع کے مطابق سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو نیب نے 22 جون کو طلب کیا ہے، ان پر آمدن سے زائد اثاثہ جات اور کرپٹ پریکٹس کا الزام ہے۔نیب نے عثمان بزدار کو مطلوبہ ریکارڈ کے ہمراہ پیش (بقیہ نمبر22)

بشریٰ بی بی کیخلاف خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کوئی مقدمہ درج نہیں

لاہور (نیوز رپورٹر) خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس نے بشریٰ بی بی کیخلاف مقدمات کی تفصیلات سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی۔تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف مقدمات کی (بقیہ نمبر 24)

ایران سے گزر کر یورپ جانیوالے 45 پاکستانی گرفتار

گرفتار افراد میں، پنجاب کے 32، خیبر پختونخوا کے 9، سندھ کے 4 افراد شامل ہیں

اسلام آباد (کرائم رپورٹر)ایران سے گزر کر یورپ جانیوالے 45 پاکستانیوں کو گرفتار کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق ایرانی حکام نے ایران میں غیر قانونی نقل و حرکت پر 45 (بقیہ نمبر 25)

پنجاب ہائی وے پٹرول راولپنڈی ریجن سے 23 سب انسپکٹرز پروموٹ

سب انسپکٹر اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی کا عمل مکمل ہوگیا

راولپنڈی(عبدالرحمان سے) پنجاب ہائی وے پٹرول راولپنڈی ریجن سے 23سب انسپکٹرز پروموٹ، رینک لگانے کی تقریب منعقد آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، ایڈیشنل آئی جی پنجاب عبد الکریم کی ہدایت پر پی ایچ پی میں سب انسپکٹر اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی کا عمل مکمل ہوگیا ڈی آئی جی پی ایچ پی ڈاکٹر اطہر وحید کی سربراہی میں محکمانہ پروموشن بورڈ کا اجلاس ہوا۔ایس پی ہیڈکوارٹرز پی ایچ پی منصور قمر، ایس پی پی ایچ پی لاہور ریجن عمران کرامت بخاری اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن غلام محی الدین نے پروموشن بورڈ کے اجلاس میں شرکت کی۔پروموشن بورڈ نے 111 (بقیہ نمبر 20)

پولیس تھانہ گوجرخان کی حدود چنگا میرا میں قتل کی لرزہ خیز واردات

23 سالہ نوجوان کو 3 نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے ابدی نیند سلا دیا

گوجرخان(قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان کے نواحی علاقے چنگا میرا میں قتل کی لرزہ خیز واردات چنگا میرا کے رہائشی نوجوان پر فائرنگ فائر لگنے سے نوجوان شدید زخمی نوجوان کو تشویشناک حالت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان منتقل کیا گیا نوجوان کا نام محمد قابیل اور عمر 23 سال دریافت ہوئی ابتدائی معلومات کے مطابق نوجوان کی کسی کے ساتھ کوئی دشمنی نہ تھی 3 کس نامعلوم افراد (بقیہ نمبر 21)

پارٹی مشاورت کے بعد نواز شریف کی وطن واپسی کا اعلان کرینگے، اعظم نذیر تارڑ

پارٹی مشاورت کے بعد نواز شریف کی وطن واپسی کی تاریخ کا اعلان کیا جائیگا، وفاقی وزیر قانون

ملاقات میں نواز شریف کی تاحیات نااہلی اور سزا کے خلاف اپیلوں سے متعلق بھی وزیر قانون نے بریفنگ دی

لندن(خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ نواز شریف جلد پاکستان آئیں گے، پارٹی مشاورت کے بعد نواز شریف کی وطن واپسی کا اعلان کیا جائے گا۔نواز شریف سے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے لندن ون آن ون ملاقات ہوئی، نواز شریف سے اعظم نذیر (بقیہ نمبر 17)

پاکستان میں رواں سال کے پہلے چار مہینوں میں 3.44 ملین موبائل فونز تیار کیے گئے

لاہور(جنرل رپورٹر) پاکستان میں رواں سال کے پہلے چار مہینوں میں 3.44 ملین موبائل فونز تیار کئے گئے اور یہ تعداد درآمد کئے گئے موبائل فونز کی تعداد سے کہیں زیادہ ہے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے سرکاری اعداد وشمار کے (بقیہ نمبر 19)

گرفتار انسانی سمگلر یونان کشتی سانحے میں ملوث نکلا

پہلے بھی ملزم کیخلاف لیبیا کشتی حادثے کے حوالے سے مقدمہ درج تھا

حادثے کے متاثرہ افراد کو یورپ بھجوانے کیلئے 25 لاکھ روپے وصول کئے تھے

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی سے گرفتار انسانی سمگلر کشتی سانحے میں ملوث نکلا ہے۔تفصیلات کے مطابق یونان کشتی حادثے کے بعد ایف آئی اے نے انسانی سمگلنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل گجرات نے کراچی (بقیہ نمبر18)

سربراہ پاک فضائیہ سے ایرانی بحریہ کے سربراہ کی ملاقات

سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دیرینہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتہ استوار ہے

سربراہ ریئر ایڈمرل شہرام ایرانی نے آج سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی

کراچی: سربراہ پاک فضائیہ سے ایرانی بحریہ کے سربراہ کی ملاقات

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ کے سربراہ ریئر ایڈمرل شہرام ایرانی نے آج سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے اس امر کو اجاگر کیا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے ساتھ ساتھ اسپیس، الیکٹرانک وارفیئر، سائبر اور نیش ٹیکنالوجیز میں ترقی نے قومی سلامتی کے روایتی ماحول پر گہرے اثرات مرتب کیئے ہیں۔ایئر چیف نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کی جانب سے جدت کے حصول اور مقامی صلاحیتوں کے فروغ (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی پولیس کی، شراب سپلائرز کیخلاف کارروائیاں

14 ملزمان گرفتار، ساڑھے 07 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

راولپنڈی(کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائر زکے خلاف کاروئیاں، 14ملزمان گرفتار، ساڑھے 07 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم قربان سے 01 کلو 150 گرام چرس، (بقیہ نمبر 27)

میئر کراچی کی حیثیت سے تقرری کا نوٹیفکیشن سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج

میئر کراچی کے انتخاب میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے

الیکشن لڑنے کیلئے جو قانون بنایا گیا وہ آئین سے متصادم ہے، درخواست میں مؤقف

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) مرتضی وہاب کا میئر کراچی کی حیثیت سے تقرری کا نوٹیفکیشن عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں مرتضی وہاب کے میئر کراچی کی حیثیت سے نوٹیفکیشن سے متعلق درخواست دائر کر دی گئی ہے، شہری محمد عامر کی جانب سے درخواست دائر کی گئی۔ درخواست میں الیکشن کمیشن، سندھ حکومت اور مرتضی وہاب کو فریق بنایا گیا۔درخواست میں کہا گیا کہ مرتضی وہاب کی تقرری کا نوٹیفکیشن معطل کیا جائے۔ الیکشن لڑنے کیلئے جو قانون بنایا گیا وہ (بقیہ نمبر 28)

22 جون کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی

اسلام آباد(نیوز رپورٹر)22 جون کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی۔ماہرین فلکیات کے مطابق 22 جون 2023ء کو سال کا طویل ترین دن جبکہ مختصر ترین رات ہوگی اس روز دن کا دورانیہ تقریباً 14 گھنٹے جبکہ رات 10 گھنٹوں کی ہوگی۔یکم جولائی کے بعد دن کا دورانیہ بتدریج کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور 22 ستمبر کو دن اور (بقیہ نمبر29)

ن لیگ کا مفتاح اسماعیل اور شاہ محمد شاہ کو پارٹی عہدوں سے ہٹانے کا فیصلہ

لاہور(خبر نگار) مسلم لیگ ن نے سندھ کی تنظیم میں تبدیلیوں کا فیصلہ کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر مفتاح اسماعیل اور صوبائی صدر شاہ محمد شاہ کو پارٹی عہدوں سے ہٹانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔چیف آرگنائزر مریم نواز کا کہنا ہے کہ صوبائی صدر شاہ محمد شاہ اور جنرل سیکرٹری مفتاح اسماعیل کی کار (بقیہ نمبر 31)

فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن شوکاز نوٹس چیلنج کر دیا

موقف اپنایا کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن کی مدعیت میں درج مقدمے میں مجھے گرفتار کیا گیا

اسلام آباد(نیوز رپورٹر) فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن کا شوکاز نوٹس اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا۔تفصیلات کے مطابق فواد چوہدری کی طرف سے ان کے بھائی فیصل فرید نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی ہے جس میں سابق وفاقی وزیر کی 27 جنوری اور 13 جون کے نوٹس کو غیرقانونی اور اختیارات سے تجاوز قرار دینے کی استدعا کی ہے۔درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن کی مدعیت میں درج مقدمے میں مجھے گرفتار کیا گیا، اسی نوعیت کے الزامات پر (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: یونان کشتی حادثے پر کارروائی کی رپورٹ ڈی جی ایف آئی اے کو پیش کردی گئی

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

لاکھوں افغان مہاجرین غائب

پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے ساڑھے سات لاکھ نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید نہیں کرائی جس کے بعد متعلقہ اداروں نے اِن افراد کی تلاش شروع کردی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ سے زائد افغانیوں نے وزیر داخلہ میں رجسٹریشن کرائی، نادرا ریکارڈ کے مطابق 13 لاکھ کے قریب افغان شہری وطن واپس گئے جبکہ دستاویز کے مطابق سات لاکھ سے زیادہ افغان شہری رجسٹریشن کی تجدید کرانے نہیں آئے جبکہ اِس وقت پاکستان میں پروف آف رجسٹریشن رکھنے والے مہاجرین کی تعداد لگ بھگ ساڑھے گیارہ لاکھ ہے۔نادرا اور ایف آئی اے میں موجود افغان مہاجرین کا ڈیٹا متعلقہ تھانوں کو فراہم کر دیا گیا ہے اور انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع بالخصوص حال ہی میں ضم ہونے والے قبائلی اضلاع میں سرچ آپریشن کر کے غائب ہونے والے مہاجرین کو تلاش کیا جائے۔خیبر پختونخوا حکومت نے وفاقی حکومت سے ملنے والی ہدایات کے تحت دیگر صوبائی حکومتوں کو مراسلے بھجوائے ہیں اور اِن مہاجرین کے ناموں پر مشتمل فہرستیں بھی ارسال کردی ہیں۔ پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے ساڑھے سات لاکھ نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید نہیں کرائی جس کے بعد متعلقہ اداروں نے اِن افراد کی تلاش شروع کردی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ سے زائد افغانیوں نے وزیر داخلہ میں رجسٹریشن کرائی، نادرا ریکارڈ کے مطابق 13 لاکھ کے قریب افغان شہری وطن واپس گئے جبکہ دستاویز کے مطابق سات لاکھ سے زیادہ افغان شہری رجسٹریشن کی تجدید کرانے نہیں آئے جبکہ اِس وقت پاکستان میں پروف آف رجسٹریشن رکھنے والے مہاجرین کی تعداد لگ بھگ ساڑھے گیارہ لاکھ ہے۔نادرا اور ایف آئی اے میں موجود افغان مہاجرین کا ڈیٹا متعلقہ تھانوں کو فراہم کر دیا گیا ہے اور انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع بالخصوص حال ہی میں ضم ہونے والے قبائلی اضلاع میں سرچ آپریشن کر کے غائب ہونے والے مہاجرین کو تلاش کیا جائے۔خیبر پختونخوا حکومت نے وفاقی حکومت سے ملنے والی ہدایات کے تحت دیگر صوبائی حکومتوں کو مراسلے بھجوائے ہیں اور اِن مہاجرین کے ناموں پر مشتمل فہرستیں بھی ارسال کردی ہیں۔ پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے ساڑھے سات لاکھ نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید نہیں کرائی جس کے بعد متعلقہ اداروں نے اِن افراد کی تلاش شروع کردی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ سے زائد افغانیوں نے وزیر داخلہ میں رجسٹریشن کرائی، نادرا ریکارڈ کے مطابق 13 لاکھ کے قریب افغان شہری وطن واپس گئے جبکہ دستاویز کے مطابق سات لاکھ سے زیادہ افغان شہری رجسٹریشن کی تجدید کرانے نہیں آئے جبکہ اِس وقت پاکستان میں پروف آف رجسٹریشن رکھنے والے مہاجرین کی تعداد لگ بھگ ساڑھے گیارہ لاکھ ہے۔نادرا اور ایف آئی اے میں موجود افغان مہاجرین کا ڈیٹا متعلقہ تھانوں کو فراہم کر دیا گیا ہے اور انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع بالخصوص حال ہی میں ضم ہونے والے قبائلی اضلاع میں سرچ آپریشن کر کے غائب ہونے والے مہاجرین کو تلاش کیا جائے۔خیبر پختونخوا حکومت نے وفاقی حکومت سے ملنے والی ہدایات کے تحت دیگر صوبائی حکومتوں کو مراسلے بھجوائے ہیں اور اِن مہاجرین کے ناموں پر مشتمل فہرستیں بھی ارسال کردی ہیں۔ پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے ساڑھے سات لاکھ نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید نہیں کرائی جس کے بعد متعلقہ اداروں نے اِن افراد کی تلاش شروع کردی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ سے زائد افغانیوں نے وزیر داخلہ میں رجسٹریشن کرائی، نادرا ریکارڈ کے مطابق 13 لاکھ کے قریب افغان شہری وطن واپس گئے جبکہ دستاویز کے مطابق سات لاکھ سے زیادہ افغان شہری رجسٹریشن کی تجدید کرانے نہیں آئے جبکہ اِس وقت پاکستان میں پروف آف رجسٹریشن رکھنے والے مہاجرین کی تعداد لگ بھگ ساڑھے گیارہ لاکھ ہے۔نادرا اور ایف آئی اے میں موجود افغان مہاجرین کا ڈیٹا متعلقہ تھانوں کو فراہم کر دیا گیا ہے اور انہیں ہدایت کی گئی ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع بالخصوص حال ہی میں ضم ہونے والے قبائلی اضلاع میں سرچ آپریشن کر کے غائب ہونے والے مہاجرین کو تلاش کیا جائے۔خیبر پختونخوا حکومت نے وفاقی حکومت سے ملنے والی ہدایات کے تحت دیگر صوبائی حکومتوں کو مراسلے بھجوائے ہیں اور اِن مہاجرین کے ناموں پر مشتمل فہرستیں بھی ارسال کردی ہیں۔ پاکستان میں موجود افغان مہاجرین میں سے ساڑھے سات لاکھ نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید نہیں کرائی جس کے بعد متعلقہ اداروں نے اِن افراد کی تلاش شروع کردی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 2006 سے 2023 تک 35 لاکھ سے زائد افغانیوں نے وزیر داخلہ میں رجسٹریشن کرائی، نادرا ریکارڈ کے مطابق 13 لاکھ کے قریب افغان شہری وطن واپس گئے جبکہ دستاویز کے مطابق سات لاکھ سے زیادہ افغان شہری رجسٹریشن کی تجدید کرانے نہیں آئے جبکہ اِس وقت پاکستان میں پروف آف رجسٹریشن رکھنے والے مہاجرین کی تعداد لگ بھگ ساڑھے گیارہ لاکھ ہے۔نادرا اور ایف آئی اے میں موجود افغان مہاجرین کا ڈیٹا متعلقہ تھانوں کو فراہم کر دیا گیا ہے اور انہیں ہدایت کی گئی ہے۔

سانحہ 9 مئی معافی کی گنجائش نہیں

9 مئی کو جو کچھ مملکت خداداد پاکستان کے ساتھ ہوا وہ ہمارا کوئی بدترین دشمن بھی ہزار کوششوں کے باوجود نہیں کرسکتا تھا ملک کا کوئی بھی سیاسی رہنما پاکستان سے زیادہ اہم نہیں ' کسی بھی سیاسی جماعت کی ملک کے مفاد کے مقابلہ میں کوئی حیثیت

پرواز

راؤ محمد طاہر

raotahirisb@gmail.com

نہیں۔نو مئی کو سابق وزیراعظم عمران خان کی ایک کرپشن کیس میں نیب کے ہاتھوں گرفتاری پر ایسا کیا ہوا کہ تحریک انصاف کے کارکنوں نے جلاؤ گھیراؤ کا بازار گرم کردیا۔

سرکاری اور نجی املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا۔سب سے خطرناک معاملہ جو دیکھنے کو ملا وہ ان مظاہرین کی جانب سے افواج پاکستان کی اہم ترین عمارتوں اور دفاعی علامتوں پر حملے اور انہیں نقصان پہنچانا تھا۔مظاہرین فوج کے ہیڈ کوارٹر جی ایچ کیو کا بیرونی گیٹ توڑ کے اندر داخل ہوئے، لاہور کے کور کمانڈر ہاؤس پر حملہ کیا، وہاں لوٹ کھسوٹ کرکے عمارت کو آگ لگادی اور سب کچھ تباہ وبرباد کردیا۔اسی طرح دوسرے شہروں میں بھی افواجِ پاکستان اور دفاعِ پاکستان سے متعلق علامتوں کو آگ لگائی گئی۔گویا دفاعی ادارے جلاؤ گھیراؤ کرنے والے احتجاجیوں کا خاص نشانہ تھے۔چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی گرفتاری کے بعد جیسے ہی احتجاج اور جلاؤ گھیراؤ شروع ہوا تحریک انصاف کے کسی ایک بھی رہنما نے اپنے ورکروں اور احتجاج کرنے والوں کو تنبیہ نہ کی کہ انہیں ہر حال میں پرامن رہنا ہے بلکہ چند ایک رہنما تو کارکنوں کو اشتعال دلاتے نظر آئے -

تحریک انصاف کے عمران خان کی گرفتاری کے خلاف پر تشدد مظاہرے اور ریاستی اداروں پر حملے ایک سوچا سمجھا منصوبہ تھا۔عمران خان کافی عرصے سے اپنے آزادی کے نام پر اپنے کارکنوں کو پر تشدد واقعات پر اکسا رہے تھے۔یہ ایک دن کا واقعہ نہیں بلکہ ایک عرصے پر محیط فسطائیت پر مبنی سوچ کا تسلسل تھا - تحریک انصاف کے سینئر رہنماؤں کی جانب سے عوامی جذبات کو مزید ابھارنے کے لئے عمران خان پر تشدد کی جھوٹی اور بے بنیاد پر خبریں چلوائی گئیں 'پاکستان کو شام اور لیبیا کی طرح خانہ جنگی میں دھکیلنے کی دانستہ کوشش کی گئی۔

امن وامان کی صورت حال کو بگاڑنے میں تحریک انصاف کی قیادت کا گھناؤنا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔عوام کی احتجاج میں عدم شرکت سے مایوس ہوکر اس نے پرتشدد مظاہروں 'جلاؤ' گھیراؤ 'سرکاری املاک پر حملوں بالخصوص کور کمانڈر ہاؤس پر حملے کی حکمت عملی اپنائی اس خطرناک منصوبہ بندی کا مقصد لاشیں حاصل کرکے ملک کو انارکی اور خانہ جنگی کا شکار بنانا تھا - کور کمانڈر ہاؤس لاہور پر حملے کی مذموم منصوبہ بندی اس لئے کی گئی تھی کہ فوج اپنا شدید ردعمل دے اور پھر اسے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکے مگر پاک فوج نے اپنی ساکھ کی پراوہ نہ کرتے ہوئے انتہائی تحمل اور بردباری کا مظاہرہ 'صبر اور برداشت سے کام لیا اور تحریک انصاف گھناؤنی اور ملک دشمنی پر مبنی سازش کو ناکام بنادیا۔

قومی اسمبلی میں نو مئی کو توڑ پھوڑ ، جلاؤ گھیراؤ کرنے اور عسکری تنصیبات کو نشانہ بنانے والوں کے خلاف پاکستان آرمی ایکٹ کے تحت مقدمات چلانے کی قرارداد کی منظوری کور کمانڈرز کانفرنس قومی سلامتی کمیٹی اجلاس کے اعلامیے کا ہی تسلسل ہے۔سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان آرمی ایکٹ کے تحت کسی سویلین کا کورٹ مارشل ہوسکتا ہے؟ آرمی ایکٹ 1952 کی سیکشن ٹو ون ڈی میں دو ایسی گنجائشیں موجود ہیں جس کے تحت سویلینز کا ٹرائل کیا جاسکتا ہے۔اگر کوئی شخص کسی کو فوجی کمانڈ کے خلاف بغاوت، فساد برپا کرنے کیلئے اشتعال دلانے، اکسانے یا ترغیب یا تحریک دینے کا سبب بنے تو اس صورت میں بھی فوج اس کا ٹرائل ٹو ون ڈی کے تحت کرسکتی ہے چاہے ایسا کسی تقریر کے ذریعے ہی کیا گیا ہو، اگر اس سے فوج کے خلاف اکسانے کا تاثر بھی ملے تو اس صورت میں بھی اس شخص کا ٹرائل کیا جاسکتا ہے۔تعزیرات پاکستان کی دفعہ 131 کے تحت اگر کسی شخص پر مسلح افواج کے کسی اہلکار کو بغاوت پر اکسانے کا جرم ثابت ہوجائے تو اس کی سزا موت ہے اور اس صورت میں بھی کورٹ مارشل کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ اس قانون کے تحت مجرم کو عمر قید یا دس سال قید اور جرمانے کی سزا بھی ہو سکتی ہے۔آرمی ایکٹ کی شق ٹو ون ڈی کے تحت کسی بھی سویلین کا معاملہ 31ڈی میں لاکر اس کا کورٹ مارشل کیا جاسکتا ہے لیکن اس کیلئے پہلے اس سویلین کے خلاف کسی تھانے میں مقدمہ کے اندراج اور مجسٹریٹ کی اجازت ضروری ہے۔

سابق وزیراعظم عمران خان کے پاس فوجی عدالتوں کی مخالفت کا کوئی اخلاقی جواز موجود نہیں کیونکہ ان کے اپنے دور حکومت میں 25 شہریوں کے مقدمات فوجی عدالت میں سنے گئے۔25 افراد میں سے تین کو سزائے موت سنائی گئی جبکہ دیگر کو سرکاری خفیہ ایکٹ کی مبینہ خلاف ورزی کرنے پر 10 سے 14 سال قید کی سزا سنائی گئی ان مجرموں کو دوران سماعت اپنے دفاع میں ان کی مرضی کا وکیل دیا گیا نہ ہی انہیں گواہ پیش کرنے کی اجازت دی گئی - تحریک انصاف نے اپنے دور حکومت میں فسطائیت اور ظلم و جبر کی جو فصل بوئی تھی، اب اسے کاٹنا پڑ رہی ہے۔جو گہری کھائی انہوں نے اپنے سیاسی مخالفین کے لئے کھودی دی، اب خود اس میں گرنے کے بعد بنیادی انسانی حقوق کی دہائی دے رہی ہے پرامن احتجاج کسی بھی سیاسی جماعت کا آئینی وجمہوری حق ہوتا ہے مگر تحریک انصاف نے 9 مئی کو پرتشدد مظاہروں کے ذریعے ملک میں غیر جمہوری 'غیر قانونی اور غیر آئینی رویئے کی جو بدترین مثال قائم کی ہے - کوئی بھی محب وطن پاکستانی اس قسم کے انتہا پسندانہ رویئے کی حمایت نہیں کرسکتا۔تحریک انصاف کی قیادت نے اپنے انتہا پسندانہ رویئے کے ذریعے اس شاخ کو کاٹنے کی مذموم کوشش کی ہے، جس پر وہ خود بھی بیٹھی ہوئی ہے -

9 مئی کو تحریک انصاف کی قیادت اور کارکنوں نے وہ کام کیا جو ابھی نندن کرنے آیا تھا جو نریندرا مودی ودیگر پاکستان مخالف قوتیں کرنا چاہتی ہیں لیکن اس کو سوچ کر ان پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے' جب آپ جی ایچ کیو اور ہائی کمان کی رہائش گاہوں پر حملہ کردیں تو اس فوج کی شکست کے وہ آخری لمحات ہوتے ہیں ' کسی بھی سیاسی جماعت کو دہشت گرد قرار دینے کے لئے جو معیار ہو سکتے ہیں تحریک انصاف نے اپنے رویئے سے وہ تمام پورے کردیئے ہیں اب کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے -

نو مئی کو جو کچھ ہوا، جو اس منصوبے کا سرغنہ تھا اور جنہوں نے اس پر عمل کیا وہ سب سنگین جرم کے مرتکب ہوئے ہیں اور انہیں سزا دینا ، حکومت اور ریاست کی اولین ذمہ داری ہے تاہم عدالتی اور قانونی کارروائی کا پوری طرح شفاف اور منصفانہ رکھا جانا اور ظلم کی ہر شکل سے اجتناب کا اہتمام کرنا لازمی ہے۔انصاف ہونا ہی نہیں چاہیے بلکہ اس طرح ہوتا ہوا نظر آنا چاہیے کہ کسی کے لیے اس عمل پر انگلی اٹھانا ممکن نہ ہو۔

"عوام کی کب سنیں گے"

عمران خان کی حکومت کو کارکردگی بہتر کرنے کیلئے پندرہ ماہ کی مہلت دی گئی کہ عوامی مسائل اور ملکی ترقی کی طرف توجہ دیں کیونکہ حالات دن بدن خراب ہوتے جارہے تھے مہنگائی دن بدن اوپر جارہی تھی وزرا اور مشیران عوام کے کام کرنے کی

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

بجائے وزیراعظم عمران خان کو ہی عوام کیخلاف کررہے تھے اور ان کے کان بھر رہے تھے کہ جناب اب اس عوام کی آپ کو کوئی ضرورت نہیں ہے آپ نے بہت ڈیلیور کرلیا ہے لوگ ویسے بھی آپ سے بہت خوش ہیں جبکہ حالات اسکے برعکس تھے عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہی تھی لاقانونیت نے ہر طرف ڈیرے ڈال دیے تھے جو بھی آواز اٹھاتا تھا اسکی آواز بند کروا دی جاتی تھی ہم نے اس وقت خان صاحب کو اپنی تحریروں کے ذریعے سمجھانے کی کوشش کی کہ خان صاحب آپ کی جماعت دن بدن عوامی مقبولیت کھوتی جارہی ہے وزرا لوگوں کے مسائل حل کرنے کی بجائے عیاشیوں میں پڑے ہیں اور بولنے والوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جاتی ہیں خدارا آنکھیں کھولیں ورنہ بہت دیر ہوجائے گی یہی لوگ جو آج آپ کے ساتھ ہیں کل کسی دوسری پارٹی کو جوائن کرکے آپ کو برا بھلا کہہ رہے ہوں گے اور اس وقت آپ کے پاس پچھتانے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوگا، وقت بدلا اور عوامی مقبولیت کے ریکارڈ توڑنے والے عمران خان ہیرو سے زیرو بن گئے سانحہ 9 مئی نے ان کی پوری پارٹی کو بکھیر کر رکھ دیا وہ وزیر جو عمران خان کی حکومت میں عیاشیاں کررہے تھے اور وقت کے فرعون بنے ہوئے تھے ان کو قوم نے سڑکوں پر بھاگتے اور باتھ رومز میں چھپتے دیکھا اور آج وہی لوگ بھیس بدل کر نئی پارٹیوں میں شامل ہورہے ہیں اور اب یہ لوگ عمران خان اور تحریک انصاف کو برا بھلا کہہ کر عوام سے ووٹ مانگیں گے، یہ کوئی پہلی دفعہ نہیں ہورہا پچھلے پچیس تیس سالوں سے یہ پریکٹس جاری ہے اور ایک پارٹی چھوڑنے والے دوسری پارٹی جوائن کرکے اپنے لوگوں کو نئے خواب دکھا کر شیشے میں اتار لیتے ہیں ,اس وقت عمران خان کو ایسے مشورے دینے والے اور عوامی مسائل کی طرف توجہ دلانے والے زہر لگتے تھے اور ریجنل اخبارات جنہوں نے ہر گورنمنٹ کے اچھے کاموں کو بھرپور سپورٹ کیا ہے اور جہاں ضرورت محسوس ہوئی توجہ دلانے کی تو وہاں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کیا ان ریجنل اخبارات کو عمران خان کی حکومت نے کھڈے لائن لگادیا جسکی وجہ سے آدھے سے زیادہ اخبارات بند ہوگئے ریجنل اخبارات وہ اخبارات ہیں جہاں نیشنل اخبارات کی Access نہیں ہوتی یا وہ وہاں کسی وجہ سے نہیں پہنچ پاتے وہاں ریجنل اخبارات ان نیشنل اخبارات کی کمی کو پورا کرتے ہیں اور عوامی مسائل ایوان بالا اور ارباب اختیار تک پہنچاتے ہیں, ان اخبارات کو بند کرکے ان سے جڑے ہزاروں لوگوں کو بیروزگار کردیا گیا کہتے ہیں وقت صدا ایک جیسا نہیں رہتا اور صدا بادشاہی صرف للہ تعالی کی ہے لہذا اپنے اچھے وقت میں کبھی کسی کے ساتھ براسلوک نہ کرو ورنہ آپ کے برے وقت میں لوگ آپ کیساتھ بہت براسلوک کریں گے۔

موجودہ گورنمنٹ جو اس وقت اپوزیشن تھی نے مل کر اس وقت کی حکومت) عمران خان (کیخلاف مہنگائی مارچ شروع کیا اس وقت ملک میں مہنگائی 13 فیصد تھی ملک کی 13 چھوٹی اور بڑی سیاسی جماعتیں ایک پلیٹ فارم پہ اکٹھی ہوئیں اور اس پلیٹ فارم کو PDM کا نام دیا گیا جسکی سربراہی مولانا فضل الرحمٰن کو دی گئی ان سب کے مہنگائی مارچ نے عمران حکومت کا تختہ الٹ دیا عدم اعتماد کے ذریعے عمران خان کی حکومت ختم کردی گئی اور سب کی متفقہ رائے اور شرائط طے ہونے کے بعد میاں شہباز شریف کو وزارت عظمی سونپ دی گئی۔

قوم کو اطمینان ہوا کہ ان کا پنجاب کا ٹریک ریکارڈ کافی اچھا رہا ہے اور بطور وزیراعلی پنجاب انہوں نے بہت اچھے کام کیے تھے اور اب وزیراعظم بن کر وہ کھل کر عوام کی خدمت کریں گے لیکن حکومت سنبھالنے کے کچھ ماہ بعد PDM حکومت نے بھی اپنے رنگ دکھانے شروع کردیے اور 13 فیصد مہنگائی کو کم کرنے کی بجائے ملک میں مزید مہنگائی کیجانے لگی وزرا کے بعد مشیران کی لمبی لائنیں لگ گئیں اور عوام کیساتھ ایک بار پھر ہاتھ ہوگیا جنہوں نے مہنگائی مارچ صرف اس وجہ سے کیا کہ ملک میں مہنگائی کی شرح 13 فیصد سے بڑھ چکی تھی ان کی حکومت کے 10 ماہ بعد مہنگائی کی شرح 47 فیصد پر پہنچ گئی اور وہ ڈیفالٹ شدہ ملک سری لنکا کو بھی کراس کر گئے۔

وزرا اور مشیران کی فوج نے تحریک انصاف کے وزرا کی راہ پر چلتے ہوئے عوام پر اپنے دروازے بند کردیے ہیں سب کو اپنی اگلی باری کی فکر ہے جبکہ عوامی مسائل پچھلی حکومت کی نسبت بہت بڑھ گئے ہیں اس حکومت نے اپنا بجٹ پیش کردیا ہے جس میں عام عوام کیلئے بہت سارا صبر رکھا گیا ہے ریلیف کے نام پر بھولی بھالی عوام کو دھوکہ دیا گیا ہے اب وہ جماعتیں جو پورا سال اکٹھی ہوکر حکومت کے مزے لوٹتی رہیں اب الیکشن قریب آنے پر ایکدوسرے کیخلاف پریس کانفرنسوں اور ٹی وی شوز میں الزام تراشیاں اور انگلیاں اٹھاتی نظر آئیں گی حالیہ آزاد کشمیر کے الیکشن میں پیپلز پارٹی کی جیت پر مسلم لیگ ن کی طرف سے دھاندلی اور ووٹ چوری کے الزامات لگائے گئے جبکہ PDM میں شامل یہ دونوں بڑی جماعتیں اپنی اپنی اہم وزارتوں کے مزے لوٹ رہی ہیں۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا عوام کی بھی سنی جائے گی یا یہ حکمران طبقہ جنکی تیسری نسل حکومت بنانے کیلئے پر تول رہی ہے ان کو ہمیشہ کیلئے اس قوم پر مسلط کردیا گیا ہے عوام ان حکمرانوں سے یہ سوال کرتی ہے کہ آخر کب اس ملک اور اس میں بسنے والے عام آدمی کے حالات ٹھیک ہوں گے کب اس ملک سے مہنگائی اور غربت کا خاتمہ ہوگا آخر کب اس قوم کو رجب طیب اردوگان, نیلسن منڈیلا, موزے تنگ اور امام خمینی جیسے حکمران نصیب ہوں گے جو اس ملک کی حالت بدل دیں گے آخر کب؟

میاں شہباز شریف اور ان کے اتحادیوں کو آنکھیں کھولنی ہوں گی اور عوامی مسائل کی طرف توجہ دینی ہوگی ورنہ آج عمران خان اور تحریک انصاف کا وجود خطرے میں ہے کل آپ اور آپ کے اتحادیوں کا ہوگا لہذا جو کام عمران خان اور ان کے وزرا و مشیران نے کیے ان کاموں سے PDM وزرا کو اجتناب کرنا ہوگا اور عوام کیلئے اپنے دروازے کھولنے ہوں گے۔

بادِشمال پاکستان اخبار کا محبوب کالم نگار ... ناصر زیدی مرحوم

عصر حاضر میں بہت سی ایسی ادبی وصحافتی شخصیات ہیں جنہوں نے اپنے کام کی بدولت دنیائے ادب وصحافت میں بڑا نام پیدا کیا ایسے گنے چنے ناموں میں سے ایک نام ناصر زیدی کا تھا۔جن کا شمار ان ادیبوں میں ہوتا تھا جن کی ساری زندگی کتاب سے عبارت رہی ہو۔ان کی پیدائش مظفر نگر)یوپی انڈیا (میں ہوئی۔قیام پاکستان کے بعد وہ شہر زندہ دلاں لاہور میں پلے بڑھے اور پڑھے۔

صدام ساگر

شاعری اور ادب وصحافت کا چسکا بھی یہیں سے پڑا۔وہ زمانہ طالب علمی میں اسلامیہ کالج سول لائنز لاہور کے مجلہ فاران کے مدیر رہے، اس کے علاوہ انہوں نے کئی ادبی، فلمی، مذہبی، اور عورتوں کے رسالوں کی ادارت کا فریضہ سرانجام دیا، جن میں گلِ خنداں، شمع، بانو، آئینہ، بچوں کی دنیا، امنگ، جگنو، اخبارِ مصنفین، پیام عمل وغیرہ شامل تھے۔انہوں نے پاکستان کے قدیم ترین ادبی جریدہ ادبِ لطیف لاہور میں 1966 سے 1980 تک بطور مدیر پندرہ برس کام کیا، جس کے بعد وہ اسلام آباد چلے گئے، جہاں آپ متعدد وزرائے اعظم اور صدورِ مملکت کے سپیچ رائٹر رہے۔پھر کچھ عرصہ کے بعد لاہور میں رہے اور پھر سے ادبِ لطیف کے مدیر مقرر ہوئے۔ناصر زیدی ایک کتاب دوست آدمی تھے۔انہیں کتابیں اور کتابی چہرے اچھے لگتے تھے۔وہ اسلام آباد ریڈیو سے اپنے ہفتہ وار پروگرام اکتاب نما میں اپنی گفتگو کا آغاز اس پیغام سے کرتے تھے۔اللہ شوق دے تو کتابیں پڑھا کرو میرے خیال میں ہمیں آج اس پیغام پہ عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ کتابیں انسان کی بہترین زندگی کا نمونہ ہوتی ہیں۔ناصر زیدی کا گھر جوہر ٹاؤن میں شوکت خانم کے قریب تھا، جہاں وہ تنہا کتابوں کو اپنا ہمدم ودمساز اور ہمراز بنائے ہوئے تھے۔ان کے گھر جاتو معلوم ہوتا تھا، ان کا گھر کتابوں کا مسکن ہے، انہیں دن کی روشنی اور رات کی چاندنی میں تنہا رہنا پسند تھا۔رات کی چاندنی میں نے اس لئے کہا کہ وہ خود کہتے تھے کہ:

نشانی اپنے گھر کی کیا بتاں؟
چلے آ، جہاں تک روشنی ہے

انہیں صبح شبنم کے قطرے، قدرت کے رنگ اور شاخوں پہ کھلتے ہوئے گلاب کی خوشبو کے ساتھ ساتھ حسین چہرے اچھے لگتے تھے۔اس حوالے سے ان کا یہ شعر دیکھئے۔

یہ تازگی، یہ صباحت، یہ رنگ، یہ خوشبو
یہ کس حسین کا چہرہ ہے جو گلاب میں ہے

ناصر زیدی ٹیلی وژن اور ریڈیو پاکستان کے مقبول فی البدیہہ صدا کار، نیوز کاسٹر، کمپیئر، براڈ کاسٹر اور شاعر کے طور پر اپنی پہچان آپ تھے۔ان کی زندگی کے بہت سے پہلو ہیں۔وہ ایک شاعر، محقق، مرتب، کالم نویس، مدیر مورخ اور ادبی جاسوس کے طور پر بھی جانے جاتے تھے۔ادبی جاسوس سے مطلب یہ کہ وہ مشہور آوارہ شعروں پر اصل خالق کی تحقیق کر کے انہیں حسب نسب عطا کرتے تھے۔کسی سے غلط طور پر منسوب شعر کو اپنے خالق سے ملاتے تھے۔

کون آئے گا یہاں کوئی نہ آیا ہوگا۔۔۔میرا
دروازہ ہواں نے ہلایا ہوگا

کچھ نہ کچھ تو مل ہی جاتی اس کو بھی دادِ سخن
اک گماں شہرت کا تھا ناصر کی شہرت کچھ نہ تھی

ناصر زیدی اصل میں حسن وعشق کے شاعر تھے، وہ محبت کے چمن میں چہل قدمی کرتے ہوئے محبت کے گن گاتے ہوئے کسی کو بھول جانے پہ یوں صدا دیتے۔

بھول جانا ہی مناسب ہے اسے اب ناصر
اس کے گن اور کہاں تک تو بھلا گائے گا

ناصر زیدی کے شعری مجموعوں میں ڈوبتے چاند کا منظر،

شوبز SHOWBIZ

ہر اک ادا دل ربا، منشا پاشا کی نئی تصاویر وائرل

منشا پاشا نے کیپشن دیا کہ ابھی مسکرا لیجیے کیونکہ کچھ پتا نہیں بعد میں کوئی مسئلہ سنگین ہوجائے

لاہور (شوبز نیوز) شوخ گلابی رنگ کے لباس میں منشا پاشا کی تصاویر انسٹاگرام پر وائرل ہوگئیں۔چند گھنٹے قبل اداکارہ منشا پاشا نے گلابی رنگ کا لباس پہنے اپنی تصاویر شیئر کیں جنہیں ساڑھے 11 ہزار سے زائد افراد نے پسند کیا ہے۔منشا پاشا نے کیپشن دیا کہ ابھی مسکرا لیجیے کیونکہ کچھ پتا نہیں بعد میں کوئی مسئلہ سنگین ہوجائے یا صورتحال کے بدترین نتائج برآمد ہوں۔خیال رہے کہ چند روز قبل منشا پاشا کے خاوند اور معروف وکیل جبران ناصر مبینہ طور پر اغوا ہوگئے تھے لیکن وہ 24 گھنٹے بعد گھر پہنچ گئے تھے۔

کرن دیول شادی کے بندھن میں بندھ گئے، تصاویر وائرل

کرن کی شادی ممبئی میں ہوئی جس میں قریبی رشتہ داروں سمیت شوبز سٹارز نے شرکت کی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ سٹار سنی دیول کے بیٹے کرن دیول دیشا اچاریہ سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق لیجنڈری اداکار دھرمیندرا کے پوتے اور اداکار سنی دیول کے بیٹے کرن دیول شادی کے بندھن میں بندھ گئے، کرن کی شادی ممبئی میں ہوئی جس میں قریبی رشتہ داروں سمیت شوبز سٹارز نے شرکت کی۔کرن اور دیشا کی شادی میں بالی ووڈ کے بھائی جان سلمان خان، عامر خان، شترو گھن سنہا، پریم چوپڑا، راج ببر، انوپم کھیر، جیکی شروف سمیت کئی سینئر اداکاروں نے شرکت کر کے شادی کی تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔اس موقع پر بوبی دیول کا کہنا تھا۔

ایتابھ بچن کی کامیاب ترین فلم ڈان قرض اتارنے کیلیے بنائی گئی تھی

ایتابھ بچن کی فلم ڈان نے 1978 میں 7 کروڑ روپے کا ریکارڈ توڑ بزنس کیا تھا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ فلم انڈسٹری کے بے تاج بادشاہ ایتابھ بچن نے اپنے کیریئر میں کئی بلاک بسٹر فلمیں دی ہیں جن میں سے فلم ڈان کو ملنے والی کامیابی لازوال ہے اور اس فلم کا ری میک بنا جس میں شاہ رخ نے کام کیا اور یہ بھی کامیاب ترین فلموں میں سے ایک فلم ثابت ہوئی تھی۔بہت ہی کم لوگوں کو معلوم ہے کہ 1978 میں ریلیز ہونے والی اس دہائی کی باکس آفس کی ہٹ فلم ڈان کو بال بال قرضے میں جکڑے فلم ساز نریمان ایرانی نے قرض اتارنے کے لیے بنایا تھا۔مالی پریشانیوں میں گھرے نریمان ایرانی کے لیے فلم ڈان ان کے تمام مسائل کا حل ثابت ہوسکتی تھی۔نریمان ایرانی کی فلم زندگی زندگی بری طرح ناکام ہوئی تھی اور وہ 12 لاکھ روپوں کے مقروض ہوگئے تھے۔فلم ساز نریمان ایرانی نے یہی بات ذہن میں رکھتے ہوئے فلم پر بھرپور توجہ مرکوز رکھی اور اداکاروں سے لیکر ڈائیلاگز اور نغموں کے چناؤ میں بہترین کا انتخاب کیا۔ شاندار لوکیشن، سسپینس اور ایکشن سے بھرپور فلم جس میں رومانویت کا تڑکا بھی ہو۔یہی وجہ ہے کہ یہ فلم اب تک شائقین کے ذہن ودل سے محو نہیں ہوسکی۔تقریباً نصف صدی بعد بھی فلم کے گانے اور ڈائیلاگز اب بھی زبان زد عام ہیں۔فلم نے شاندار اور توقع سے زیادہ بزنس کیا۔تاہم افسوس ناک بات یہ ہے کہ فلم کی کامیابی کو دیکھنے اور اپنے قرضوں کی ادائیگی کے لیے فلم ساز نریمان ایرانی دنیا موجود نہیں تھے۔

دنیا بھر میں موسیقی کا عالمی دن ورلڈ میوزک ڈے "کل" منایا جائیگا

لاہور (شوبز نیوز) دنیا بھر میں موسیقی کا عالمی دن ورلڈ میوزک ڈے کل منایا جائے گا اس دن کے منائے جانے کا مقصد تمام ملکوں کی ثقافت کو موسیقی کے ذریعے اجاگر کرنا ہے ورلڈ میوزک ڈے کے حوالے سے ملک بھر میں شعبہ موسیقی سے وابستہ افراد، میوزک گروپس، ریڈیو اور ٹی وی سے وابستہ سنگرز اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف فنکشنز کا اہتمام کیا جائے گا جس میں موسیقی کے فروغ اور اس سلسلے میں درپیش مسائل پر اظہار خیال کیا جائے گا۔ورلڈ میوزک ڈے کی ابتدا 1981 سے ہوئی جس کے بعد پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال 21 جون کو موسیقی کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

والدہ کے دبا کی وجہ سے جلدی شادی کرنا پڑی: مریم نفیس کا انکشاف

حال ہی میں مریم نفیس نے ایک نجی ٹی وی کے شو میں بطور مہمان شرکت کی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مریم نفیس نے جلدی شادی کرنے کی وجہ بتادی۔حال ہی میں مریم نفیس نے ایک نجی ٹی وی کے شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر بات کی۔شو کے میزبان نے اداکارہ سے سوال کیا کہ آپ 19 سال کی تھیں جب آپ کی والدہ نے آپ پر شادی کے لیے دبا ڈالنا شروع کردیا تھا، کیا یہ بات سچ ہے؟ انہوں نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ سچ ہے، مجھے نہیں معلوم کہ ایسا کیوں ہے لیکن جب بیٹیاں میٹرک میں پہنچیں۔

فراڈ کیس: ایشا پٹیل کو عدالت سے مشروط ضمانت مل گئی

فلم پروڈیوسر اجے کمار نے اداکارہ اور ان کے ساتھی کے خلاف مقدمہ دائر کیا ہوا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ اداکارہ ایشا پٹیل کو تین کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں مشروط ضمانت مل گئی ہے۔فلم پروڈیوسر اجے کمار نے اداکارہ اور ان کے ساتھی کے خلاف مقدمہ دائر کیا ہوا ہے، جس کے مطابق اداکارہ نے ان سے ڈھائی کروڑ روپے فلم بنانے کے لئے تھے لیکن فلم نہیں بنائی گئی اور نہ ہی انہیں سود سمیت پیسے واپس ملے۔اجے کمار کے مطابق انہیں جو چیک دیئے گئے وہ باؤنس ہوگئے تھے اسی لئے انہوں نے کورٹ میں جانے کا فیصلہ کیا۔ایشا پٹیل عدالت کے حکم پر رانچی سول کورٹ میں پیش ہوئیں اور سرینڈر کیا جس پر عدالت نے انہیں مشروط ضمانت دیتے ہوئے 21 جون کو دوبارہ پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ جس پر عدالت نے انہیں مشروط ضمانت دیتے ہوئے 21 جون کو دوبارہ پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔

سرمایہ کاری کے دوران بروکر سے پیار ہوگیا، پھر ہم نے شادی کرلی: نادیہ حسین

اپنے شوہر کو چیلنج دیا تھا کہ اگر میرے پیسے ڈبل کر کے دیے تو میں انہیں ڈنر کرواں گی

لاہور (سپورٹس نیوز) معروف ماڈل اور اداکارہ نادیہ حسین نے انکشاف کیا ہے کہ سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے دوران ان کے پیسے ڈبل ہونے پر انہیں بروکر سے پیار ہوگیا تھا جو بعد میں ان کے شوہر بن گئے۔ایک انٹرویو کے دوران گفتگو میں اداکارہ و ماڈل نادیہ حسین نے بتایا کہ کیریئر کے عروج پر جب میں نے سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنا شروع کی تو اس دوران اپنے بروکر کے ساتھ محبت میں مبتلا ہوگئی تھی جس کے بعد میں نے ان سے شادی کرلی۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں نے اپنے شوہر کو چیلنج دیا تھا۔

SPORTS سپورٹس

2 سال بعد پہلا ٹیسٹ کھیلنے والے معین علی پر جرمانہ عائد

آئی سی سی کے مطابق معین علی نے میچ ریفری کی جانب سے لگائی گئی پابندی کو قبول بھی کرلیا

لندن (سپورٹس نیوز) 2 (سال بعد انگلینڈ کی طرف سے پہلا ٹیسٹ کھیلنے والے آل راؤنڈر معین علی پر آئی سی سی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔آئی سی سی کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ معین علی کرکٹ کونسل کے کھلاڑیوں کے حوالے سے بنائے گئے ضابطے 2.20 کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے جس پر انہیں میچ فیس کا 25 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ معین علی کو آئی سی سی ضابطہ اخلاق کے لیول ون کی خلاف ورزی کرنے پر ایک ڈی میرٹ پوائنٹ بھی دیا گیا ہے۔جرمانہ ہونے کی وجہ ایجبسٹن میں جاری ایشز سیریز کے پہلے ٹیسٹ کے دوران آسٹریلیا کی اننگز کے 89 ویں اوور میں باؤنڈری لائن پر فیلڈنگ کرتے معین علی بالنگ کروانے والے ہاتھ پر کوئی چیز لگاتے دیکھے

پاکستانی ٹیم بھارت سے بہتر ہے: جاوید میانداد کا دعوی

یہ ہمیشہ ایسا ہی رہا ہے، ایک سال ہم وہاں کھیلتے تھے اور اگلے سال وہ ہم سے ملتے تھے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کے مایہ ناز کرکٹر جاوید میانداد نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستانی ٹیم اور اس کے کھلاڑی بھارت سے بہتر ہیں۔1992ء کے ورلڈ کپ کے فاتح نے ہندوستانی وزیر اعظم نریندر مودی کو یہ کہتے ہوئے بھی تنقید کا نشانہ بنایا کہ ایک دن وہ اپنے ہی ہم وطنوں کے ہاتھوں شکست کھا جائیں گے۔66 سالہ جاوید میانداد نے اس بارے میں بھی بات کی کہ ماضی میں پاک بھارت سیریز کیسے ہوتی تھی اور خاص طور پر مودی کی پالیسیوں کا ذکر کرتے ہوئے بھارت کے رویے پر بھی بات کی۔جاوید میانداد نے کہا کہ "یہ ہمیشہ ایسا ہی رہا ہے، ایک سال ہم وہاں کھیلتے تھے اور اگلے سال وہ ہم سے ملتے تھے۔کھیل ایک ایسی چیز ہے جو لوگوں کو متحد کرتی ہے، یہ دو ممالک کے درمیان تعلقات استوار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ بھارت کا رویہ قابل قبول نہیں۔خاص طور پر مودی کا، وہ دن آئے گا جب ان کے اپنے لوگ انہیں ماریں گے کیونکہ وہ ایک مختلف سمت میں جارہے ہیں۔آپ اپنے پڑوسیوں کو نہیں بدل سکتے۔"66 سالہ سابق کپتان نے کہا کہ جب تک بھارتی ٹیم پاکستان نہیں آتی پاکستان کو بھارت میں کھیلنے سے انکار کر دینا چاہیے۔جاوید میانداد نے کہا کہ "اگر یہ مجھ پر منحصر ہوتا تو میں انکار کر دیتا، اب بھارت کو پاکستان میں آکر کرکٹ کھیلنا ہے، جاوید میانداد نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کی کرکٹ بھارت سے بہتر ہے۔

شاہین آفریدی کو ٹیسٹ میچز میں وکٹوں کی سنچری کیلئے ایک وکٹ درکار

ان کا کہنا تھا کہ سری لنکا میں گزشتہ سال انجری کے بعد سے پورا ہوم سیزن ٹیم سے باہر رہا

لاہور (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے معروف فاسٹ بالر شاہین شاہ آفریدی دورہ سری لنکا میں ٹیسٹ سیریز سکواڈ کا حصہ ہوں گے جہاں ایک نیا ریکارڈ ان کا منتظر ہے۔وکٹوں کی سنچری مکمل کرنے کیلئے سری لنکا کے خلاف 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز سٹار کرکٹر شاہین شاہ آفریدی کیلئے خاصی اہمیت رکھتی ہے، شاہین شاہ آفریدی کو ٹیسٹ میچز میں وکٹوں کی سنچری مکمل کرنے کیلئے صرف ایک وکٹ درکار ہے۔شاہین شاہ آفریدی کے 3 دسمبر 2018 کو ٹیسٹ ڈیبیو کے بعد سے کوئی بھی پاکستانی بالر ان سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا، شاہین نے ٹیسٹ ٹیم میں واپسی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیسٹ کرکٹ سے دوری کو بہت زیادہ محسوس کر رہا تھا اور اس فارمیٹ سے دور رہنا بہت مشکل ہوگیا تھا۔ان کا کہنا تھا کہ سری لنکا میں گزشتہ سال انجری کے بعد سے پورا ہوم سیزن ٹیم سے باہر رہا، اب سری لنکا ہی میں واپسی ہورہی ہے۔

ناٹنگھم اوپن ٹینس ویمنز سنگلز، کیٹی بولٹر نے جوڈی برج کو ہرا کر پہلا ڈبلیو ٹی اے ٹائٹل جیت لیا

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کی کیٹی بولٹر نے کیریئر کا پہلا ڈبلیو ٹی اے ٹائٹل جیت لیا۔26 سالہ برطانوی ٹینس کھلاڑی نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں ہم وطن جوڈی برج کو شکست دی۔اے ٹی پی ناٹنگھم اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ انگلینڈ کے مشہور شہر ناٹنگھم میں جاری ہے، جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کا موقع ملا۔انگلینڈ کی کیٹی بولٹر نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہم وطن حریف کھلاڑی جوڈی برج کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 3-6 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ جیت لیا۔یہ کیٹی بولٹر کے کیریئر کا پہلا ڈبلیو ٹی اے ٹائٹل ہے۔کیٹی بولٹر اور جوڈی برج پہلے آل برٹش ڈبلیو ٹی اے فائنل میں مقابلہ کر رہی تھیں۔یہ کیٹی بولٹر کے کیریئر کا پہلا ڈبلیو ٹی اے ٹائٹل ہے۔کیٹی بولٹر اور جوڈی برج پہلے آل برٹش ڈبلیو ٹی اے فائنل میں مقابلہ کررہی تھیں۔

ایشین سنوکر چیمپئن شپ انڈر-21 میں پاکستان کے احسن رمضان کا مقابلہ ملائشیا کے جریمی چاٹ سے (آج) کو منگل کو ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) ایشین سنوکر چیمپئن شپ میں انڈر 21 کے مقابلوں میں پاکستان کے احسن رمضان کا مقابلہ ملائشیا کے جریمی چاٹ سے (آج) منگل کو تہران، ایران میں ہوگا۔چیمپئن شپ کے دو میچز میں پاکستان کے احسن رمضان نے ایران کے ارشیا تہرانی کو 0-3 سے اور افغانستان کے محمد صادق کو 0-3 سے ہرا چکے ہیں۔چیمپئن شپ ایشیائی ممالک کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ایونٹ میں دو قومی کھلاڑی پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔جن میں حارث طاہر اور احسن رمضان شامل ہیں جبکہ نوید کپاڈیہ ٹیم کے ہمراہ بطور آفیشل ریفری ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں۔ ایشین سنوکر چیمپئن شپ میں انڈر 21 کے مقابلوں میں پاکستان کے احسن رمضان کا مقابلہ ملائشیا کے جریمی چاٹ سے (آج) منگل کو تہران، ایران میں ہوگا۔چیمپئن شپ کے دو میچز میں پاکستان کے احسن رمضان نے ایران کے ارشیا تہرانی کو 0-3 سے اور افغانستان کے محمد صادق کو 0-3 سے ہرا چکے ہیں۔چیمپئن شپ ایشیائی ممالک کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔ایونٹ میں دو قومی کھلاڑی پاکستان کی نمائندگی کررہے ہیں۔جن میں حارث طاہر اور احسن رمضان شامل ہیں۔

کوہلی ایک ہزار کروڑ سے زائد کمانے والی معروف شخصیات میں شامل

علاوہ 15 کروڑ بھارتی روپے سالانہ ویرات کوہلی کو ٹی 20 لیگ سے ملتے ہیں

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور بیٹر ویرات کوہلی ایک ہزار کروڑ سے زائد کمانے والی معروف شخصیات میں شامل ہو گئے۔بھارتی جریدے کی رپورٹ کے مطابق ویرات کوہلی 1050 کروڑ بھارتی روپے کمانے والے کرکٹر ہیں، ان کی کمائی کا ذریعہ بھارتی ٹیم، مختلف برانڈز کے ساتھ معاہدے، برانڈز کی ملکیت اور سوشل میڈیا پوسٹس ہیں۔بھارتی کرکٹر کو ٹیم انڈیا کے معاہدے سے سالانہ 7 کروڑ بھارتی روپے ملتے ہیں جب کہ 15 لاکھ روپے ٹیسٹ، 6 لاکھ ون ڈے اور 3 لاکھ روپے ٹی 20 کی میچ فیس

فارنسز ٹیافو نے جان لینارڈ سٹرف کو ہرا کر سٹٹ گارٹ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

سٹٹ گارٹ (سپورٹس نیوز) امریکا کے نامور ٹینس سٹار فارنسز ٹیافو نے سٹٹ گارٹ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔25 سالہ امریکی کھلاڑی فارنسز ٹیافو نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں نے میزبان حریف کھلاڑی جان لینارڈ سٹرف کو شکست دے کر کیریئر کا تیسرا اے ٹی پی ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔اے ٹی پی کے زیر اہتمام جرمنی کے شہر سٹٹ گارٹ میں کھیلے گئے مینز سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں امریکا کے فارنسز ٹیافو کا مقابلہ جرمنی کے جان لینارڈ سٹرف سے تھا۔

بنگلہ دیش اور افغانستان کے درمیان پہلا ون ڈے کرکٹ میچ 5 جولائی کو کھیلا جائے گا

ڈھاکہ (سپورٹس نیوز) بنگلہ دیش اور افغانستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 5 جولائی کو کھیلا جائے گا۔واحد ٹیسٹ میچ میں میزبان بنگلہ دیشی ٹیم نے مہمان افغان ٹیم کو 546 رنز سے شکست دی تھی۔افغانستان کی ٹیم ان دنوں بنگلہ دیش کے دورہ پر ہے جہاں وہ واحد ٹیسٹ میچ کے علاوہ میزبان ٹیم کے خلاف 3 ون ڈے اور 2 ٹی ٹونٹی میچز بھی کھیلے گی۔

بابر اعظم اور محمد رضوان حج کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب پہنچ گئے

ٹوئٹر پر کپتان بابر اعظم اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو مسجد نبوی کے سامنے دیکھا جاسکتا ہے

مدینہ منورہ (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب پہنچ گئے۔سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر کپتان بابر اعظم اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو مسجد نبوی کے سامنے دیکھا جاسکتا ہے، دونوں کرکٹرز نے اپنے عرب مداح کے ہمراہ تصویر کھنچوائی جو سوشل میڈیا پر تیزی وائرل ہورہی ہے۔کپتان بابر اعظم اور وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان مقدس فرض کی ادائیگی کیلئے اپنے والدہ اور اہلیہ کے ہمراہ سعودی عرب میں مقیم ہیں، حج کی ادائیگی کے باعث پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (نے دونوں کرکٹرز کو لاہور میں جاری ٹریننگ کیمپ میں شرکت سے مستثنیٰ قرار دیتے ہوئے خصوصی اجازت دی تھی۔واضح رہے کہ بابر اعظم اور رضوان سمیت پاکستانی عازمین کی بڑی تعداد حج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے سعودی عرب پہنچ رہی ہے، مذہبی امور کے وزیر مفتی عبدالشکور نے بتایا تھا کہ کل ایک لاکھ 79 ہزار سے زائد پاکستانی حج کی سعادت حاصل کریں گے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 20 جون 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 20 جون 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک ، راولپنڈی سٹی سرکل پیپلز کالونی، علامہ اقبال، عزیز آباد، پنڈ ہون، 3/14-I، نون، I-16، ایچ بی ٹی ریڈیو پاک، لکھو روڈ، امیر حمزہ، آفیسر کالونی فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک راولپنڈی سٹی سرکل شمس کالونی فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، پارک ویو، پنڈی بورڈ، مورگاہ، کہوٹہ سٹی۔II، حنیف شہید، چکری، ارسلان پولٹری فارم، ایس پی ڈی، پڑیال فیڈرز، جہلم سرکل، سرائے عالمگیر، ملٹری کالج، شمس آباد، شاہ سفیر فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت، پتوال، بھیکری فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 13:00 بجے تک ، اٹک سرکل ٹیکسلا۔I&II، شیر شاہ سوری، غور غشتی، بارہ زی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک۔I&II، لارن پور، قاضی آباد، جی بی ایچ پی کالونی فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

رہا ہے، ہمیں اپنے وسائل کو بروئے کار لانا ہوگا، قوموں کی زندگی میں ایسے چیلنجز آتے ہیں، آئیں آج وعدہ کریں پاکستان کی تقدیر بدلیں گے، حالات تقریروں سے نہیں عملی اقدامات سے بہتر ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد معرض وجود میں آیا، پاکستان دولخت ہوا ہمیں تاریخ سے سبق حاصل کرنا ہوگا، ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے کے بجائے اکنامک ایجنڈے پر اکٹھا ہونا ہوگا، جو بھی حکومت آئے اکنامک ایجنڈے پر پوری قوم کو یکسو ہونا ہوگا، خارجہ، اقتصادی پالیسی پر بھی سب کو یکسو ہونا ہوگا، قسم کھا کر کہتا ہوں اگر ہم متحد ہو جائیں تو دنیا میں پاکستانی پاسپورٹ کی عزت ہوگی۔ وزیراعظم نے مزید کہا ہے کہ چین کے بارے بعض لوگوں نے ایسے جملے کیے، جس سے وہ ناراض ہوا، چین کو یقین دہانی کرائی آئندہ ایسا نہیں ہو گا، سعودی عرب، یو اے ای، قطر اور چین پاکستان کی مدد کر رہا ہیں، دوست ممالک بارے الزامات سے گریز کرنا چاہیے۔

بقیہ 2

کو پیپلز پارٹی کے وفد سے ملاقات میں فنڈز کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی تھی۔ خیال رہے کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے گزشتہ دنوں سوات میں جلسے سے خطاب کے دوران وزیراعظم سے بجٹ میں وعدے پورے نہ کرنے کا شکوہ کرتے ہوئے خبردار کیا تھا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے پیسا نہ ملا تو پیپلز پارٹی بجٹ منظور نہیں ہونے دے گی۔ بجٹ پر اختلافات، وزیراعظم نے آج اہم اجلاس طلب کرلیا دوسری جانب بجٹ پر اختلافات کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اہم اجلاس بھی آج طلب کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی و وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اور دونوں جماعتوں کے مالی امور سے متعلق وزرا اور ماہرین اجلاس میں شریک ہوں گے جس میں بجٹ سے متعلق امور زیرغور آئیں گے۔

بقیہ 3

سائٹ ٹوئٹر پر ایک پیغام میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ یہ پہلا واقعہ نہیں ہے، جب 20 کلو آٹے کا تھیلا 3000 روپے کا ہوگا تو لوگ زہر کا گھونٹ پینے پر مجبور ہوں گے، معاشی، اقتصادی اور سیاسی تباہی، کارخانے بند، کاروبار بند، کسی کو کچھ سمجھ نہیں آ رہی کہ اس اندھیرے سے کس طرح نکلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے واقعہ کی ساری قوم نے مذمت کی ہے، خدا کیلئے اس قوم کو زندہ رہنے کا حق دو، لوگوں کے گھروں میں ایک وقت کا کھانا ہے، قومیں عوام سے ہوتی ہیں، قوموں میں جوش، جذبے، ولولے سے زندہ رہتی ہیں، اس قوم کو جذبہ اور امید دیں نا امیدی نہ دیں، پاکستان قیامت تک زندہ رہے گا۔ سربراہ عوامی لیگ کا کہنا تھا کہ بجٹ میں سب جھوٹ بولا گیا ہے، اسحاق ڈار، نواز شریف اور شہباز شریف کے بیانات نہیں مل رہے، نواز شریف آپ آجائیں آپ کو پتہ لگے گا کہ لوگ کس حالت میں پہنچ چکے ہیں، آنے میں دیر نہ کریں، میری اداروں سے درخواست ہے کہ اس پاکستان کو اندھیروں سے نکالیں، اس پاکستان کو اجالے میں لے کر جائیں، امید دلائیں۔ سابق وزیر نے مزید کہا کہ نوجوان ڈپریشن اور دبا کا شکار ہو چکا ہے، گھروں میں صف ماتم بچھی ہوئی ہے، آئیں سب مل کر پاکستان کو آگے لے کر چلیں، پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان ہماری پہچان ہے

بقیہ 4

مین پی ٹی آئی اور ان کی جماعت پر تنقید کی، انہوں نے سربراہ تحریک انصاف کا نام لیے بغیر کہا کہ پہلے ہی کہا تھا کہ یہ شخص ملک دشمن ہے، ہم نے پی ٹی آئی حکومت کیخلاف کلمہ حق بلند کیا، تحریک انصاف کا ایجنڈا بیرونی تھا، ہم نے اس کا ایجنڈا پاش پاش کر دیا۔ ملک میں امن و امان کی صورتحال پر حکومتی اتحاد کے سربراہ کا کہنا تھا کہ ملک میں دہشت گردی بار بار سر اٹھاتی ہے، امن وامان کی ذمہ دار حکومت ہوتی ہے، گزشتہ حکومت نے قیام امن کیلئے کچھ نہیں کیا۔ پاکستانی معیشت پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اسلامی نظام کے سوا کوئی نظام نہیں چل سکتا، ہم عالمی سطح پر پاکستان کا تشخص بحال کریں گے۔ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ ٹانک کے مسائل سے واقف ہوں، ہم ٹانک میں پینے کا صاف پانی فراہم کریں گے، گول زام سے ضلع کو صاف پانی میسر آئے گا۔

بقیہ 5

اے ٹیسٹ کیلئے معاونت کرے گا اس حوالے سے پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی سے رابطہ بھی کرے گا، ڈی این اے ٹیسٹ کے بعد رپورٹس یونان میں پاکستانی سفارتخانے کو بھیجی جائیں گی۔ وزارت داخلہ کی جانب سے نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد اور آزاد کشمیر میں کیمپ بھی قائم کیے جائیں گے، ضرورت پڑنے پر کسی اور شہر میں بھی کوآرڈینیشن سیل کا کیمپ آفس قائم کیا جا سکے گا۔

بقیہ 6

کیانی نے ایس ایم یاور گردیزی ایڈووکیٹ کی اسلام آباد کی اپنی قانون ساز اسمبلی کے قیام کی دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 1 کے مطابق وفاق پاکستان پانچ علاقوں پر مشتمل ہے جن میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان اور اسلام آباد شامل ہیں، صوبے انتظامی اور قانون سازی کے معاملے میں آزاد ہیں مگر ایک الگ یونٹ ہونے کے باوجود اسلام آباد اس آزادی سے محروم ہے جو اسلام آباد کے شہریوں کے آئینی و بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے معاملے پر وفاقی حکومت، اٹارنی جنرل سے جواب طلب کرتے ہوئے معاونت کی ہدایت کی تھی تاہم جواب جمع نہ ہو سکا۔ اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عثمان گھمن نے استدعا کی کہ موسم گرما کی تعطیلات کے باعث فریقین کو جواب جمع کرانے کے لئے 21 اکتوبر تک کی مہلت دی جائے۔ عدالت نے وفاق، اٹارنی جنرل اور دیگر فریقین کو دوبارہ نوٹس جاری کر دیئے

بقیہ 7

درخواست ضمانت پر سماعت احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے کی۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کی 5 لاکھ کے ضمانتی مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی۔ عدالت نے بشریٰ بی بی کی 5 لاکھ کے ضمانتی مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی۔ دوسری جانب لاہور ہائیکورٹ میں بشریٰ بی بی کیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس نے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی جس میں کہا گیا کہ بشریٰ بی بی کیخلاف دونوں صوبوں میں کوئی مقدمہ درج نہیں خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس کو بشریٰ بی بی کسی مقدمے میں مطلوب نہیں، نیب نے جواب جمع کروانے کیلئے مزید مہلت مانگ لی۔ لاہور ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دیا تھا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی تھی، عدالتی حکم پر آئی جی اسلام آباد نے اپنے دستخط کے ساتھ رپورٹ جمع کرا دی۔ آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ کے مطابق بشریٰ بی بی کیخلاف تھانہ کوہسار میں ایک مقدمہ درج ہے۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ سندھ اور پنجاب میں بشریٰ بی بی کیخلاف کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا، بشریٰ بی بی کی درخواست میں اینٹی کرپشن فریق نہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس کو مقدمات کی تفصیلات پیش کرنے کا حکم دیا۔ جبکہ این سی اے 190 ملین پاؤنڈ اسکینڈل میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے نیب کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا تھا، بشریٰ بی بی نے نیب طلبی کے نوٹس کا جواب جمع کرایا۔ عمران خان کی اہلیہ نے جواب میں کہا کہ مجھے 190 ملین پاؤنڈ کیس سے متعلق کوئی معلومات نہیں۔ 458 کنال زمین، 285 ملین روپے اور بلڈنگ القادر ٹرسٹ کو ڈونیشن ایگریمنٹ کے تحت دی گئی۔

بقیہ 8

اتار دیا جائیگا۔ نگران وزیر اطلاعات نے بتایا کہ بجٹ میں تنخواہوں کی مد میں 721 ارب روپے رکھے گئے ہیں، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں تیس فیصد اضافہ جبکہ پنشنرز کی پنشن میں 5 فیصد اضافے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بجٹ میں 80 سال سے زائد العمر افراد کی پنشن میں بھی 20 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ نگران وزیر اطلاعات نے بتایا کہ پنجاب کیبنٹ کا حجم 1719 ارب روپے رکھا گیا ہے، جس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کیلئے 325 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، بجٹ میں تعلیم کے لیے 195 ارب، صحت کے لیے 183 ارب، سوشل پروٹیکشن کے لیے 70 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بجٹ میں پی کے ایل آئی کے لیے 10 ارب روپے اور کلائمیٹ چینج کے لیے 8 اعشاریہ 8 ارب روپے رکھے گئے ہیں، زراعت کے شعبے میں ترقیاتی بجٹ کی مد میں 47 ارب اور آبپاشی کے لیے 18 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ نگران وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ آئی ٹی کے شعبے کے لیے 5 اعشاریہ 3 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ عامر میر نے بتایا کہ نگران حکومت نے صحافیوں کے لیے 1 ارب روپے کے انڈوومنٹ فنڈ کی بھی منظوری دی ہے۔ اس موقع پر نگران صوبائی وزیر صنعت ایس ایم تنویر نے کہا کہ پنجاب حکومت نے عوام دوست بجٹ بنایا ہے، بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس شامل نہیں کیا گیا، ہیلتھ اور ایجوکیشن سیکٹر کیلئے 31 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، پنجاب میں آئی ٹی اور ٹیکنالوجی پارک بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی سے سیلز ٹیکس ختم کردیا گیا ہے، اسٹیمپ ڈیوٹی کو کابینہ نے ایک فیصد کردیا ہے بجٹ میں زراعت کیلئے 65 بلین روپے رکھے گئے ہیں، غریبوں کو ریلیف دینے کیلئے 70 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ قبل ازیں نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیرصدارت پنجاب کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں مالی سال کے آئندہ چار ماہ کا بجٹ پیش کیا گیا، نگران پنجاب کابینہ نے آئندہ چار ماہ کا بجٹ منظور کر لیا

بقیہ 9

الیکشن کمشنرز اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس میں عام انتخابات سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی الیکشن کمشنرز نے عام انتخابات سے متعلق تیاریوں پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ عام انتخابات کیلئے ریٹرننگ افسروں کی تعیناتی کی فہرستیں تیار ہیں، عام انتخابات میں ریٹرننگ افسران بیوروکریسی سے ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق عام انتخابات کی تیاریوں پر بریفنگ دیتے ہوئے تمام ونگز نے بتایا کہ وہ الیکشن کے انعقاد کے لیے تیار ہیں، الیکشن کے لیے تمام ضروری سامان بھی موجود ہے، الیکشن کمیشن نے پرنٹنگ پریس کو بھی الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ حکام کے مطابق عام انتخابات میں 26 کروڑ سے زائد بیلٹ پیپرز چھاپے جائیں گے، بیلٹ پیپرز کے لیے 1 ہزار 852 ٹن کاغذ خریدا جا چکا ہے، 923 ٹن لائٹ گرین پیپر، 829 ٹن آف وائٹ پیپر بیلٹ پیپرز کے لیے موجود ہے۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ نیشنل سکیورٹی پرنٹنگ کمپنی کو بیلٹ پیپرز کی ذمہ داری سونپی گئی ہے، کراچی پرنٹنگ کارپوریشن 9 کروڑ، اسلام آباد پریس 7 کروڑ بیلٹ پیپرز چھاپے گی، پاکستان پوسٹ فاؤنڈیشن 10 کروڑ بیلٹ پیپرز چھاپے گی

بقیہ 10

کیا گیا ہے۔ گزشتہ سال مئی کے دوران 1.12 ارب روپے کی کٹلری برآمد کی گئی جبکہ رواں برس مئی میں برآمدات 22.7 فیصد اضافے کے ساتھ 1.37 ارب روپے تک پہنچ گئیں

بقیہ 11

، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ایل این جی کی درآمدات کا حجم 4.29 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ مئی 2023 میں ایل این جی کی درآمدات پر 361 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال مئی کے مقابلہ میں 38 فیصد کم ہے، گزشتہ سال مئی میں ایل این جی کی درآمدات پر 584 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا تھا۔ اپریل کے مقابلہ میں مئی میں ایل این جی کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 39 فیصد کی نمو ہوئی ہے، اپریل میں ایل این جی کی درآمدات کا حجم 259 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو مئی میں بڑھ کر 361 ملین ڈالر ہو گیا۔ واضح رہے کہ رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں پیٹرولیم گروپ کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 22 فیصد کی ریکارڈ کی گئی ہے

بقیہ 12

سہولیات کا جائزہ لیا اور پی آئی سی میں صفائی کے انتظامات کا بھی مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ رش کے باوجود ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف محنت سے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہے، پی آئی سی میں علاج معالجے کی سہولتوں کو مزید بہتر بنایا جائے گا، پی آئی سی میں انجیو پلاسٹی گائیڈنگ کیتھیٹرز کی کمی کو دور کرنے کیلئے سیکرٹری صحت کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔

بقیہ 13

اموات پر سوگوار ہیں، پاکستان بھر میں سانحہ پر قومی سطح پر سوگ منایا جا رہا ہے، انسانی سمگلنگ کو روکنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ درندہ صفت انسانی سمگلروں کے خلاف ایف آئی اے حرکت میں آ چکی ہے، لاہور اور کراچی میں اس سلسلہ میں گرفتاریاں بھی عمل میں لائی گئی ہیں، اس سانحہ میں ملوث موت کے تمام افراد کو قانون کے شکنجے میں لایا جائے گا، وزیراعظم کی ہدایت پر تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی ہے، کمیٹی ذمہ داروں کا تعین کرے گی اور انسانی سمگلنگ کے انسداد کیلئے سفارشات مرتب کرے گی۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ انسانی سمگلنگ کا دھندہ کرنے والوں کو عبرتناک سزا کیلئے خصوصی قانون سازی کی جائے گی، حکومت اس سانحہ کا شکار ہونے والوں کے خاندانوں کی ہر قسم کی بھرپور معاونت کرے گی۔ وزیر داخلہ نے جاں بحق افراد کی مغفرت کیلئے دعا کی اور کہا کہ جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے مکمل ہمدردی اور دکھ میں شریک ہیں۔

بقیہ 14

کی جانب سے نگران حکومت کی زیرنگرانی 4 ماہ کا بجٹ پیش کیا گیا ہے۔ جو یکم جولائی 2023 سے 30 اکتوبر 2023 تک ہوگا۔ بجٹ میں 4 ماہ کے اخراجات کا کل تخمینہ 1,719.3 ارب روپے لگایا گیا ہے جس میں 881 ارب روپے کے محصولات وفاق کی جانب سے جب کے صوبے کے ذاتی محصولات کی مد میں 194 ارب روپے اکٹھے کیے جائیں گے۔ بجٹ کے نمایاں خدوخال میں، تعلیم اور صحت کے بجٹ میں 31 فیصد اضافہ، سرکاری ملازمین کی بنیادی تنخواہوں میں 30 فیصد اضافہ، آئی ٹی انڈسٹری سے تمام صوبائی ٹیکسز کا خاتمہ، ایک ارب روپے سے جرنلسٹ انڈومنٹ فنڈ کا قیام، سماجی بہبود کی مد میں 70 ارب روپے کی خطیر رقم اور خدمات کی فراہمی کے لیے 120.4 ارب روپے کی تخصیص شامل ہے۔ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ سٹیمپ ڈیوٹی کی شرح میں 3 فیصد اضافے کی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے سٹیمپ ڈیوٹی کو 1 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے۔

بقیہ 15

آپریشنز نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں محرران اور ڈی ایف سی سٹاف نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ گشت کے نظام کو مزید موثر بناتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے لیے اقدامات کیے جائیں، منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، اہم مقامات پر سنیپ چیکنگ اور پیٹرولنگ کو مزید موثر بنایا جائے، منظم اور متحرک گینگ کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے، تھانوں کے ریکارڈ کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے، تھانوں میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کو یقینی بنانے آپ سب کا کردار بہت اہم ہے جس کے لیے راولپنڈی پولیس 24/7 مصروف عمل ہے۔

بقیہ 16

، وکیل آل محمد علامہ علی ناصر الحسینی تلہاڑا، شاعر آل عمران شوکت رضا شوکت، ذاکر اہل بیت اقبال شاہ بجاڑ، خطیب اہل بیت قمر حیدر زیدی، ذاکر محمد و آل محمد بیان فرمائیں گے، جبکہ سوز وسلام افتخار عارف کریں گے، نوحہ خوانی ذاکر سید زریت عمران شیرازی کریں گے تلاوت قرآن پاک قاری نجم مصطفیٰ کریں گے، قرآن خوانی صبح دس بجے شروع ہوگی۔

بقیہ 17

تارڑ کی ملاقات دو گھنٹے سے زائد وقت تک جاری رہی، وزیر قانون نے نواز شریف کو وطن واپسی سے متعلق قانونی طریقے سے آگاہ کیا۔ ملاقات میں نواز شریف کی تاحیات نااہلی اور سزا کے خلاف اپیلوں سے متعلق بھی وزیر قانون نے بریفنگ دی۔ ملاقات کے بعد اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ نواز شریف جلد وطن واپس آئیں گے، پارٹی مشاورت کے بعد نواز شریف کی وطن واپسی کی تاریخ کا اعلان کیا جائیگا۔

بقیہ 18

ائرپورٹ سے آف لوڈ کیے گئے ملزم کیخلاف ایک اور مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ملزم ساجد محمود پر الزام ہے کہ اس نے یونان کشتی حادثے کے متاثرہ افراد کو یورپ بھجوانے کیلئے 25 لاکھ روپے وصول کئے تھے، پہلے بھی ملزم کیخلاف لیبیا کشتی حادثے کے حوالے سے مقدمہ درج تھا۔

بقیہ 19

مطابق، 3.44 ملین مقامی طور پر اسمبل یا تیار کردہ موبائل فونز میں سے 2.79 ملین فیچر فونز (ٹو جی) اور 0.65 ملین اسمارٹ فونز ہیں۔ رپورٹ کے مطابق چینی موبائل کمپنیاں مقامی مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ کی دوڑ میں سب سے آگے ہیں۔ پی ٹی اے کے مطابق، جنوری اور اپریل 2023 کے درمیان، چین کے ایکس موبائل نے 0.45 ملین موبائل فونز بنائے، اس کے بعد وی جی او ٹیل نے 0.40 ملین، آئی ٹیل، جی فائیو اور انفینکس نے بالترتیب 0.39 ملین، 0.20 ملین اور 0.15 ملین موبائل فونز تیار کیے۔ پی ٹی اے کے موبائل ڈیوائس مینوفیکچرنگ اتھارٹیز پروگرام کے تحت پاکستان سے مقامی طور پر تیار کردہ موبائل فونز نے برآمدات شروع کر دی ہیں۔ دسمبر 2022 میں پاکستان میں تیار کردہ کم از کم 120,000 موبائل ہینڈ سیٹس افریقی مارکیٹ میں برآمد کیے گئے۔ 2016 اور 2020 کے درمیان پاکستان نے ملک میں تیار کردہ موبائل فونز سے زیادہ موبائل فون درآمد کیے ہیں۔ تاہم 2021 میں، پہلی بار ملک میں تیار کردہ فونز کی تعداد درآمدی فونز کی تعداد سے تجاوز کر گئی ہے، تجارتی طور پر درآمد کیے گئے 10.26 ملین فونز کے مقابلے میں 24.66 ملین فون مقامی طور پر اسمبل یا تیار کیے گئے۔ 2022 میں پاکستان نے 21.94 ملین فونز اسمبل یا تیار کیے جبکہ درآمد شدہ فونز کی تعداد 1.53 ملین تک گر گئی۔

بقیہ 20

اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کو سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی دینے کی منظوری دی۔ راولپنڈی ریجن سے 23 سب انسپکٹرز پرموٹ ہوئے، محکمانہ پروموشن کے لیے 125 کیسز زیر غور آئے۔ جن میں سے 111 اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کو سب انسپکٹرز کے عہدہ پر ترقی دی گئی۔ پی ایچ پی ہیڈکوارٹرز میں پرموٹ ہونے والے سب انسپکٹرز اور اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کو بیجز لگانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ایڈیشنل آئی جی پنجاب ہائی وے پٹرول عبدالکریم، ڈی آئی جی ڈاکٹر محمد اطہر وحید اور ایس پی ہیڈکوارٹرز پی ایچ پی منصور قمر نے 111 سب انسپکٹرز اور 25 اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کو عہدوں پر ترقی پانے والوں کو رینک لگائے۔ ایڈیشنل آئی جی عبدالکریم اور ڈی آئی جی ڈاکٹر محمد اطہر وحید نے ترقی پانے والے افسران کو مبارکباد دی۔ ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور آئندہ دل جمعی اور دیانت داری کے ساتھ محکمانہ فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی

بقیہ 21

آئے انھوں فائرنگ کی اور زخمی کر کے فرار ہو گئے جبکہ نوجوان ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا واقعہ کی اطلاع پر پولیس فوری موقع پر پہنچی پولیس نے جائے وقوعہ سے ضروری شواہد اکٹھے کیے اور واقعے کا مقدمہ درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ 22

ہونے کی ہدایت کی ہے، سابق وزیراعلیٰ پنجاب سے اثاثوں کا ریکارڈ بھی طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 23

کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزارت مذہبی امور، سپارکو، محکمہ موسمیات اور وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی جبکہ رویت ہلال کی زونل کمیٹیوں کے اجلاس متعلقہ شہروں میں منعقد ہوئے۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے اجلاس میں ملک بھر سے چاند نظر آنے یا نہ آنے کی شہادتوں کا جائزہ لیا گیا تاہم ملک کے مختلف حصوں سے شہادتیں موصول ہونے پر مولانا عبدالخبیر آزاد نے اعلان کیا کہ ذی الحج کا چاند نظر آگیا ہے، عیدالاضحیٰ 29 جون بروز جمعرات ہوگی۔ دوسری جانب سعودی عرب میں ذی الحج کا چاند کل نظر آگیا تھا جس کے مطابق یوم عرفہ 27 جون اور عیدالاضحیٰ 28 جون کو ہوگی۔

بقیہ 24

تفصیلات فراہم کرنے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس نے رپورٹ عدالت میں جمع کرائی جس میں کہا گیا کہ بشریٰ بی بی کیخلاف دونوں صوبوں میں کوئی مقدمہ درج نہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس کو بشریٰ بی بی کسی مقدمے میں مطلوب نہیں، نیب نے جواب جمع کروانے کیلئے مزید مہلت مانگ لی۔ لاہور ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دیا تھا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کیلئے درخواست پر سماعت ہوئی تھی، عدالتی حکم پر آئی جی اسلام آباد نے اپنے دستخط کے ساتھ رپورٹ جمع کرا دی۔ آئی جی اسلام آباد کی رپورٹ کے مطابق بشریٰ بی بی کیخلاف تھانہ کوہسار میں ایک مقدمہ درج ہے۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ سندھ اور پنجاب میں بشریٰ بی بی کیخلاف کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا، بشریٰ بی بی کی درخواست میں اینٹی کرپشن فریق نہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان پولیس کو مقدمات کی تفصیلات پیش کرنے کا حکم دیا۔ جبکہ این سی اے 190 ملین پاؤنڈ اسکینڈل میں عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے نیب کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا تھا، بشریٰ بی بی نے نیب طلبی کے نوٹس کا جواب جمع کرایا۔ عمران خان کی اہلیہ نے جواب میں کہا کہ مجھے 190 ملین پاؤنڈ کیس سے متعلق کوئی معلومات نہیں۔ 458 کنال زمین، 285 ملین روپے اور بلڈنگ القادر ٹرسٹ کو ڈونیشن ایگریمنٹ کے تحت دی گئی۔

بقیہ 25

پاکستانیوں کو گرفتار کر کے پاکستانی سرحدی حکام کے حوالے کر دیا، گرفتار پاکستانی ایران کے راستے یونان، نائیجیریا اور دیگر ممالک جانا چاہتے تھے۔ گرفتار کئے گئے افراد میں پنجاب کے 32، خیبر پختونخوا کے 9، سندھ کے 4 افراد شامل ہیں۔ ڈی پورٹ پاکستانی تفتیش کے لئے ایف آئی اے اور سرحدی حکام کے حوالے کئے گئے ہیں۔

بقیہ 26

کے لیے جاری مختلف منصوبوں سے بھی آگاہ کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دیرینہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتہ استوار ہے جو دونوں ممالک کے مابین مضبوط تعلقات کا مظہر ہے۔ ریئر ایڈمرل شہرام ایرانی نے پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی اور پاک فضائیہ کی جانب سے خود کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیئے کی گئی غیر معمولی پیشرفت کو سراہا۔ انہوں نے علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کی جانب سے کی جانے والی کوششوں کی بھی تعریف کی جبکہ آپریشنل اور تربیتی شعبوں سمیت ہوابازی کی صنعت میں پہلے سے استوار دوطرفہ عسکری تعلقات کو مزید فروغ دینے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی بھی یقین دہانی کروائی۔ سربراہ پاک فضائیہ اور اسلامی جمہوریہ ایران کی بحریہ کے سربراہ کے درمیان یہ ملاقات دونوں ممالک کے مابین لازوال دوستی اور ایک پرامن و مستحکم خطے کے لئے کام کرنے کے غیر متزلزل عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 27

ملزم جنید سے 560 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم راشد سے 01 کلو 250 گرام چرس، وارث خان پولیس نے عارف سے 01 کلو 260 گرام چرس، ملزم سہیل سے 555 گرام چرس، علی اور ساجد سے 02 بوتل شراب، ملزم اسد سے 10 لیٹر شراب، ملزم اسلم سے 06 لیٹر شراب، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم منصور سے 540 گرام چرس، ملزم اورنگزیب سے 540 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم شکیل سے 500 گرام چرس، گوجرخان پولیس نے ملزم وسیم شفقت سے 01 کلو 230 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم سیف سے 02 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 28

آئین سے متصادم ہے، میئر کراچی کے انتخاب میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے۔ درخواست میں معاملے کی نوعیت کے پیش نظر 20 جون کو سماعت کی استدعا کی گئی۔ یاد رہے کہ منتخب میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور ڈپٹی میئر سلمان مراد آج اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے، میئر اور ڈپٹی میئر کی تقریب حلف برداری کراچی میں گلشن جناح پولو گراؤنڈ میں ہوگی، الیکشن کمشنر سندھ اعجاز چوہان میئر اور ڈپٹی میئر سے حلف لیں گے۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ 15 جون کو پیپلز پارٹی کے امیدوار مرتضیٰ وہاب میئر کراچی منتخب ہوئے تھے۔ میئر کراچی کے انتخاب کے لیے مرتضیٰ وہاب کو 173 ووٹ جب کہ انکے مدمقابل جماعت اسلامی کے امیدوار حافظ نعیم الرحمٰن کو 161 ووٹ ملے تھے، انتخاب میں 33 اراکین غیر حاضر رہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن پی ٹی آئی ارکان کی غیر حاضری کی وجہ سے اکثریت حاصل نہیں کر سکے تھے۔ جبکہ میئر کراچی کے انتخاب سے متعلق جماعت اسلامی نے چیف الیکشن کمشنر کو خط بھی لکھا تھا۔ خط میں کہا گیا کہ اتحادی جماعت پی ٹی آئی کے 29 ارکان کو اغوا کر کے ووٹ ڈالنے سے روکا گیا۔ اس فراڈ عمل کو الیکشن کمیشن کالعدم قرار دے، الیکشن کمیشن صاف شفاف انتخابات کرانے میں ناکام رہا۔

بقیہ 29

رات کا دورانیہ تقریباً برابر ہوتا ہے جبکہ اس کے بعد راتوں کے دورانیے میں اضافہ اور دن کا دورانیہ مختصر ہونا شروع ہو جاتا ہے 22 دسمبر سال کا مختصر ترین دن اور رات طویل ترین ہوتی ہے

بقیہ 30

شوکاز نوٹس جاری کیا گیا، الیکشن کمیشن کا شوکاز نوٹس اختیارات سے تجاوز اور خلاف قانون ہے۔

بقیہ 31

کردگی مایوس کن رہی، دونوں کو عہدوں سے ہٹا کر نئے لوگوں کو ذمہ داری دی جائے گی۔ مریم نواز نے فیصلہ کیا ہے کہ مفتاح اسماعیل کو پارٹی عہدے سے الگ کر کے آئندہ کوئی اہم ذمہ داری نہیں دی جائے گی۔ سینئر نائب صدر مریم نواز نے سینئر رہنماؤں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب ن لیگ کے لوگوں نے دوسری جماعتوں میں شمولیت اختیار کی تو شاہ محمد شاہ اور مفتاح اسماعیل کیا کر رہے تھے؟ دونوں رہنماؤں نے اہم کارکنوں کو پارٹی کو خیرباد کہنے پر انہیں نہیں روکا، قیادت کو بھی آگاہ نہیں کیا گیا۔ مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ مسلم لیگ نون جلد سندھ میں صنعت کار اور پارٹی کارکن کو صدر اور جنرل سیکرٹری کا عہدہ دے گی۔ واضح رہے کہ مفتاح اسماعیل وزیر خزانہ کے عہدے سے ہٹائے جانے اور سلیمان شہباز کی جانب سے تنقید کے بعد پارٹی قیادت اور پالیسیوں سے اختلافات کا اظہار کھل کر چکے ہیں۔

بقیہ 32

ڈائریکٹر ایف آئی اے کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال ہم نے 19 ہزار 55 مشتبہ مسافروں کو آف لوڈ کیا، یہاں سے ایجنٹ ان افراد کو دبئی لیکر جاتے ہیں، آج کل ایجنٹ افریقی ممالک بھی لوگوں کو بھجواتے ہیں، گزشتہ سال یورپ سے 34 ہزار سے زائد پاکستانی ڈی پورٹ ہوئے۔ ایف آئی اے کی جانب سے ٹوئٹر پر بھی شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کے حوالے سے معلومات فراہم کریں۔

بقیہ 33

آئی سی او اور ای سی او سمیت کثیرالجہتی فورمز پر تعاون جاری رکھنے اور مشترکہ تشویش کے عالمی اور علاقائی مسائل پر بات چیت کو مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ سیکرٹری خارجہ نے ایران اور سعودی عرب کے درمیان سفارتی تعلقات کو معمول پر لانے کا خیرمقدم کیا، انہوں نے اپنے ایرانی ہم منصب کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی صورت حال سے آگاہ کیا اور کشمیر کاز کے لیے ایران کی ثابت قدم حمایت کو سراہا۔ سیکرٹری خارجہ نے وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہ سے بھی ملاقات کی، انہوں نے اعلیٰ سطحی دوطرفہ تبادلوں کی موجودہ رفتار کو برقرار رکھنے اور مختلف شعبوں میں باہمی فائدہ مند تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ رکن پارلیمنٹ / چیئرمین پاکستان۔ ایران پارلیمانی فرینڈشپ گروپ احمد امیر آبادی فرحانی سے ساتھ الگ ملاقات میں دونوں فریقوں نے پارلیمانی تبادلوں کو بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ سیکرٹری خارجہ ڈاکٹر اسد مجید خان نے اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن (ای سی او) کے سیکرٹری جنرل خسرو نوزیری سے بھی ملاقات کی اور تنظیم کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا، انہوں نے ای سی او کے رکن ممالک کے درمیان علاقائی رابطوں اور تجارتی فروغ کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ تہران میں سیکرٹری خارجہ نے معروف ایرانی تھنک ٹینک انسٹی ٹیوٹ آف پیس اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز کے ایرانی دانشوروں اور سکالرز سے بھی بات چیت کی جہاں انہوں نے خطے میں امن اور ترقی کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 34

تو ضرور انتخابات لڑیں گے، الیکشن کمیشن کو انتخابات پر اعتماد کا ماحول بنانا پڑے گا۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ کراچی میئر کے الیکشن پر صرف ایک نہیں تمام پارٹیوں نے اعتراضات اٹھائے۔ الیکشن کمیشن جب تک سازگار ماحول نہیں بناتا تو پہلے الیکشنز میں جو کچھ ہوا وہ آئندہ بھی ہوگا۔ قبل ازیں اسد عمر نے کہا کہ ملک کی طاقتور اشرافیہ آپس میں لڑ رہی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بار بار وہی پرانی حکمت عملی استعمال کی جا رہی ہے، قوم باقی دنیا سے مزید پیچھے ہوتی جا رہی ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ یہ ایک ڈراؤنے خواب کی طرح ہے، دنیا ترقی کر رہی ہے، آگے بڑھ رہی ہے، ہم نیچے کی طرف لڑھکتے جا رہے ہیں۔ جب کہ عمر ایوب نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی ارکان کو پی ٹی آئی اور جے آئی کے مشترکہ امیدوار حافظ نعیم کو ووٹ نہ دینے کے لیے زبردستی کا سہارا لیا۔ اپنے بیان میں عمر ایوب نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے پی ٹی آئی ارکان کو پی ٹی آئی اور جے آئی کے مشترکہ امیدوار حافظ نعیم کو ووٹ نہ دینے کے لیے زبردستی کا سہارا لیا۔ انہوں نے کہا کہ کرپٹ پیپلز پارٹی سندھ حکومت نے پی ٹی آئی کے اراکین کو جبری گرفتار اور اغوا کر کے ووٹ ڈالنے سے روکا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور وزیراعلیٰ مراد علی شاہ کے اس اقدام کی شدید مذمت کرتے ہیں

بقیہ 35

پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ روات کے علاقہ بحریہ ٹاؤن میں پولیس پارٹی نے مشکوک افراد کو دیکھ کر پولیس موبائل چیک کرنے کی غرض سے رکی تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک ہوگیا، ہلاک ڈاکو کی شناخت نور آغا کے نام سے ہوئی ہے، ایس پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ ہلاک ڈاکو نے چند روز قبل بحریہ ٹاؤن میں واردات کے دوران فائرنگ کر کے آزاد کشمیر کے معزز جج سردار امجد اسحٰق کو جاں بحق کر دیا تھا، اہم مقدمہ کی تفتیش کے مطابق ہلاک ڈاکو نور آغا نے ہی واردات کے دوران فائرنگ کر کے معزز جج سردار امجد اسحٰق کو قتل کیا تھا، ہلاک ڈاکو نور آغا کو ہسپتال میں مقتول جج کے بیٹے نے بھی شناخت کر لیا ہے، واقعہ میں ہلاک ڈاکو کا ایک ساتھی فرہاد قبل ازیں زخمی حالت میں گرفتار ہوا تھا جو 10 روز بعد ہسپتال میں دم توڑ گیا تھا، خطرناک گینگ کے دیگر ارکان کی گرفتاری کے لئے پولیس ٹیمیں آپریشن کر رہی ہیں، گینگ کے دیگر ارکان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا، ملزمان کی فائرنگ کے باوجود بہادری سے فرائض سرانجام دینے پر ایس پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی صدر اور روات پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور پولیس پر حملہ آور ہونے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے۔

بقیہ 36

کسی قسم کا کوئی عملدرآمد نہ ہوا ڈھوک بابا رحیم داد جیرو رتیال کی رہائشی خاتون نسرین اختر بیوہ وحید اسلم کے مطابق مکان خریدنے کے لئے عامر گوندل نامی پراپرٹی ڈیلر سے رابطہ کیا جس نے اپنے ساتھی کے ہمراہ نگائل میں پانچ مرلے کا مکان دکھایا اور کہا کہ یہ مکان چوبیس لاکھ روپے میں مل جائے گا جس پر اس نے اپنے گاؤں ڈھوک بابا رحیم داد میں مکان اور زمین فروخت کر کے رقم کا بندوبست کیا عامر گوندل اور اسکے ساتھی سید ناصر حسین کی موجودگی میں سترہ لاکھ روپے اسکے حوالے کیے اور اسٹام پیپر لکھا گیا باقی رقم رجسٹری ہونے پر دینا طے ہا عامر گوندل نے عارضی طور پر مجھے حیلیاں میں ایک دوسرے مکان میں رہائش دی کئی دن گزرنے کے بعد وہ اصل مکان جس کا میرے ساتھ سودا طے ہوا تھا دینے سے انکاری ہے کہ خاتون کے مطالبے پر بااثر پراپرٹی ڈیلر اسے سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہا ہے جبکہ پولیس کاروائی کرنے سے گریزاں ہے متاثرہ بیوہ خاتون نے وزیراعلیٰ پنجاب اور پولیس کے اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا کہ اس سے ہتھیائی گئی رقم واپس دلوائی جائے اور پراپرٹی ڈیلر اور اسکے ساتھی کے خلاف قانونی کاروائی کر کے مجھے تحفظ فراہم کیا جائے

بقیہ 37

کیا گیا۔ پولیس نے شہریار آفریدی کے مزید 3 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا جسے عدالت نے مسترد کر دیا اور انہیں 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا۔

بقیہ 38

جا رہے ہیں۔ درندہ صفت انسانی اسمگلروں کے خلاف ایف آئی اے حرکت میں آ چکی ہے، لاہور اور کراچی میں اس سلسلہ میں گرفتاریاں بھی عمل میں لائی گئی ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اس سانحہ میں ملوث موت کے تمام افراد کو قانون کے شکنجے میں لایا جائے گا۔ وزیراعظم کی ہدایت پر تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی ہے جو ذمہ داروں کا تعین کرے گی اور انسانی اسمگلنگ کے انسداد کیلئے سفارشات مرتب کرے گی۔ انسانی اسمگلنگ کا دھندہ کرنے والوں کو عبرتناک سزا کے لیے خصوصی قانون سازی کی جائے گی، حکومت اس سانحہ کا شکار ہونے والوں کے خاندانوں کی ہر قسم کی بھرپور معاونت کرے گی۔ وزیر داخلہ نے جاں بحق افراد کی مغفرت کیلئے دعا کی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے مکمل ہمدردی ہے اور ان کے دکھ میں شریک ہیں

بقیہ 39

بڑھانے کے لئے جامع پلان طلب کر لیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مچھلی کی زیادہ پیداوار کے حصول کے لیئے فش فارمرز کو سودمند تکنیکی خدمات فراہم کی جائیں اور فش پروڈکشن کے حوالے سے بھرپور آگاہی دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کی ڈیجیٹائزیشن پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے۔ صوبائی وزیر ایکسائز بلال افضل نے کہا کہ فش کی برآمد بڑھانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ ڈی جی فشریز نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ گزشتہ 5 سالوں میں 12 ہزار ایکڑ پر فش فارمنگ بڑھائی گئی ہے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ محکمہ فشریز آؤٹ لٹ بنائے گا اور پرائیویٹ سیکٹر اسے چلائے گا اور سال بھر آؤٹ لٹ پر مچھلی دستیاب ہوگی۔

بقیہ 40

استدعا کی کہ معاملہ سپریم کورٹ میں بھی زیر سماعت ہے، سپریم کورٹ میں زیر بحث سوالات پر فیصلے کا انتظار کر لیا جائے۔ نجم الثاقب کے وکیل لطیف کھوسہ نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کے 25 کروڑ عوام کے بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، حکومت چیف جسٹس کی مشاورت کے بغیر جوڈیشل کمیشن کیسے بنا سکتی ہے؟ حکومت چیف جسٹس سے مشاورت کرتی اور وہ ججز نامزد کرتے۔ عدالت نے اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ آپ کو عدالتی سوالات کے جواب دینے میں کتنا وقت چاہیے ہوگا؟ جسٹس بابر ستار نے کہا کہ آپ کو 4 ہفتے کا ٹائم دیتے ہیں، آپ ہمارے 5 سوالات پر ہی معاونت کریں، معاملہ بعد میں سپریم کورٹ ہی جانا ہے، ہوسکتا ہے ہم کوئی فیصلہ دیں تو وہ سپریم کورٹ کے لئے معاون ہو۔ بعد ازاں عدالت نے نجم الثاقب کی خصوصی کمیٹی میں طلبی کے خلاف حکم امتناع میں توسیع کرتے ہوئے سماعت 16 اگست تک ملتوی کر دی

بقیہ 41

طرح مونس الٰہی نے بھی پرویز الٰہی کی ق لیگ میں واپسی کے امکان کو مسترد کر دیا۔ مونس الٰہی نے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی تحریک انصاف میں ہیں اور مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ قبل ازیں سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی نے کہا کہ میرے والد کو ان کے وکیلوں سے نہیں ملنے دیا جا رہا، میری والدہ کو بھی ملاقات کی اجازت نہیں مل رہی ہے۔ آج آئی جی جیل خانہ جات خود چوہدری شجاعت صاحب اور ان کے بیٹے چوہدری سالک حسین کو لے کر ملوانے گئے ہیں۔ مونس الٰہی نے کہا کہ اب یہ ہمیں جواب دیں گے کہ اس ہفتے کی ملاقات خاندان والوں کی ہم نے کروا دی۔ مونس الٰہی یہ بھی دعویٰ کر چکے ہیں کہ پرویز الٰہی کا میڈیکل ریکارڈ منگوانے والے ڈاکٹر کو عہدے سے ہٹا دیا گیا۔

بقیہ 42

اسد عمر کے ساتھ کرسی پر نہیں بیٹھے اور روسٹرم پر چلے گئے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان کمرہ عدالت میں صرف سلام ہوا۔ صحافی ثاقب بشیر کے مطابق عمران خان کی طرف سے توجہ نا دینے پر اسد عمر کے چہرے کے اثرات نمایاں تھے۔ جب صحافی نے اسد عمر سے سوال کیا کہ آپ واپس جا رہے ہیں؟ تو اسد عمر سے نے جواب دیا میں نے بیوی کو ائیرپورٹ چھوڑنے جانا ہے۔ قبل ازیں اسد عمر سے صحافی نے سوال کیا کہ کیا الیکشن ہونے جا رہے ہیں یا نہیں؟ اسد عمر نے جواب دیا کہ آئین میں لکھا ہے کہ الیکشن وقت پر ہونے چاہئیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے اختلافات سامنے آ رہے ہیں؟ اسد عمر نے جواب دیا کہ سنا ہے کہ کوئی ان بن چل رہی ہے ان کے درمیان، تحریک انصاف کی الیکشن کی تیاری مکمل ہے، انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف تیار ہے، باقیوں کا مجھے نہیں پتہ۔ تحریک انصاف کا ٹکٹ ملا تو ضرور انتخابات لڑیں گے، الیکشن کمیشن کو انتخابات پر اعتماد کا ماحول بنانا پڑے گا۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ کراچی میئر کے الیکشن پر صرف ایک نہیں تمام پارٹیوں نے اعتراضات اٹھائے۔ الیکشن کمیشن جب تک سازگار ماحول نہیں بناتا تو پہلے الیکشنز میں جو کچھ ہوا وہ آئندہ بھی ہوگا۔

بقیہ 43

آرام بھی کر سکتے ہیں اور کھل کر سیاست بھی کر سکتے ہیں۔ فواد چوہدری سمیت دوسرے رہنماؤں کے لیے استحکام پاکستان پارٹی کے دروازے کھلے ہیں، جسے آنا ہے کھلے دل کے ساتھ آئے ایسا نہیں ہو سکتا دل کسی کے ساتھ اور دماغ کسی کے ساتھ۔ فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ عوامی مسائل اور مشکلات کے حل کا لائحہ عمل بنایا جائے گا، استحکام پارٹی ملک میں شدت پسندی کو ختم کرنے کیلئے کام کرے گی، معاشی اور سیاسی محاذ پر جاری عدم استحکام کے خاتمے کیلئے کام کریں گے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم لوگ مسائل کو لے کر تنقید تو کرتے ہیں مگر حل نہیں بتاتے

بقیہ 44

ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سرکاری ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی آن لائن ادائیگی میں ٹیکس دہندگان کی سہولت کی غرض سے اپنی آن لائن ادائیگی کی سہولتوں یعنی انٹرنیٹ بینکنگ، موبائل ایپس، اے ٹی ایم وغیرہ کی 24 گھنٹے دستیابی کو یقینی بنائیں

بقیہ 45

کیخلاف سخت کارروائی ہونی چاہیے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ یورپ جانے والے افراد کی خواہش کا مجرموں نے فائدہ اٹھایا، ہماری حکومت کے پاس دو ماہ ہیں، ہم ان ایجنٹوں کیخلاف کارروائی کر سکتے ہیں۔ ہم سب کو مل کر اس پر کارروائی کرنا ہوگی، انسانی اسمگلنگ کی آڑ میں پاکستانی نوجوان پانی میں ڈوب گئے۔ انہوں نے یونیورسٹی وائس چانسلرز پر ایک بار پھر بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ایسے وی سی بھی موجود ہیں جو 11، 11 سال سے عہدے پر بیٹھے ہیں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی بلائے تو پیش نہیں ہوتے، درسگاہیں ایسے لوگوں کے پاس ہونی چاہئیں جن میں خدمت کا جذبہ ہو۔ قبل ازیں خواجہ آصف نے کہا کہ امریکہ بھارت کے بڑھتے تعلقات سے پاکستان کو نقصان نہ پہنچے تو ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ ہماری چین کے ساتھ مشترکہ سرحدیں ہیں، ہماری افغانستان، ایران، بھارت کے ساتھ بھی مشترکہ سرحدیں ہیں۔ پاکستان کے استحکام کو یقینی بنانے کے لیے خاطر خواہ بہتری کی ضرورت ہے

بقیہ 46

بحق ہو گیا۔ ریسکیو ٹیموں نے نعش ضروری کارروائی کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال منتقل کر دی۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت دلشاد علی ولد اعجاز علی 35 سال تقریباً ساکنہ ضلع خیرپور کا رہائشی تھا

بقیہ 47

پھاڑ دی، کوتوالی پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ تھانہ جمرود پشاور کے اے ایس آئی آفتاب احمد خان نے بتایا کہ انہوں نے چھاپہ مار کر جعلی چیک کے مقدمہ میں ملوث ملزم عمیر طارق کو گرفتار کر کے سفری ریمانڈ کیلئے ضلع کچہری میں مجسٹریٹ کی عدالت سے پیش کر کے نکلے تو مذکورہ ملزم کے ساتھیوں وقاص وغیرہ نے ان پر حملہ کر دیا اور ہاتھا پائی شروع کر دی اور اسکی وردی پھاڑ دی اس دوران مذکورہ ملزم ہتھکڑی سمیت موقع سے فرار ہو گیا۔

بقیہ 48

ڈاکٹر انصر اسحاق، ڈائریکٹر فیملی پلاننگ شیری تحسن، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اعجاز، ڈی ایچ او ہیلتھ ڈاکٹر احسان غنی اور دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، نگران وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ محکمہ صحت راولپنڈی اپنی استعداد سے زیادہ کام کر رہا ہے اور انکی شاندار خدمات کی وجہ سے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری فرائض کو عبادت سمجھ کر سرانجام دیں کیونکہ انسانیت کی خدمت بڑی عبادت ہے اور جب کوئی دکھ یا تکلیف میں ہو اس کی خدمت اور اسکو راحت پہنچانے کا اجر بہت زیادہ ہے۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ ہیلتھ میلہ کا مقصد یہ ہے کہ ماں اور بچہ کی صحت اور فیملی پلاننگ کیلئے کام کرنے والے تمام سرکاری محکموں اور غیر سرکاری اداروں کو ایک چھت تلے جمع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس میلہ میں مریضوں کے ڈیجیٹل ڈیٹا اکٹھا کرنے کا بھی عملی مظاہرہ کیا گیا ہے جو کہ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا وژن ہے کہ پیپر لیس ریکارڈ تیار کیا جائے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ صحت عامہ کی سہولیات فراہمی نگران حکومت کی ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں موجود سرکاری علاج گاہوں کے اچانک دورے کئے جا رہے ہیں اور ڈاکٹرز یا پیرا میڈیکل سٹاف کی جانب سے کوتاہی اور غیر ذمہ داری کسی صورت برداشت نہ ہوگی

بقیہ 49

دوران حجاج کرام سے ملاقاتیں اور ان کے مسائل کے حل میں مصروف رہیں گے

بقیہ 50

ضابطہ گرفتار کر کے بند حوالات تھانہ کیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزایاب کروایا جائے گا منشیات جیسے ناسور کے خاتمے تک بلاتفریق کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی اس گھناؤنے کاروبار سے وابستہ لوگ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اس بری لت کی وجہ سے دیگر جرائم بھی جنم لیتے ہیں

بقیہ 51

ہوتا ہے تو الیکشن کمیشن کے وکیل کو لارجر بینچ میں دوبارہ سے دلائل دینا ہوں گے، عدالت کیسے پنجاب انتخابات کیس سنے اگر سپریم کورٹ ریویو ایکٹ نافذ ہو چکا ہے؟ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ سب جانتے ہیں کہ پنجاب انتخابات نظرثانی کیس کا فیصلہ ہو، الیکشن کمیشن کے وکیل نے یہ دلیل دی کہ ان کے پاس وسیع تر اختیارات ہیں، اپیل کی بھی کچھ حدود ہوتی ہیں، پنجاب انتخابات نظرثانی کیس نیا نہیں، اس پر پہلے بحث ہو چکی، الیکشن کمیشن کے وکیل کے دلائل نظرثانی کا دائرہ کار بڑھانے پر تھے، انتخابات نظرثانی کیس لارجر بینچ میں جاتا ہے تو الیکشن کمیشن کے وکیل دلائل وہیں سے شروع کر سکتے ہیں

بقیہ 52

، گجرات، گوجرانوالہ، ظفر وال اور حافظ آباد میں بارش سے ہر طرف جل تھل ہو گیا۔

بقیہ 53

خان تالپور، میر احمد خان تالپور، میر زاہد علی خان تالپور، میر عزیر تالپور، میر جانی تالپور، میر عبدالرافع تالپور، ڈی ایس پی ڈگری میر آفتاب تالپور، ادا اعظم خان نوحانی، و دیگر معززین شریک ہوئے واضح رہے کہ چیئرمین ڈگری میر ذوالفقار علی خان تالپور نے دوسری بار چیئرمین کا حلف اٹھایا ہے جبکہ میر ذوالفقار علی خان تالپور مشرف دور میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر سندھ اسمبلی کے رکن بھی رہ چکے ہیں جبکہ وائس چیئرمین بابو محمد حنیف تیسری مرتبہ وائس چیئرمین منتخب ہوئے جبکہ گزشتہ دور میں قائم مقام چیئرمین ڈگری بھی رہے بابو محمد حنیف آرائیں برادری کے معززین میں سے ہیں

بقیہ 54

گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 19 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ایل این جی کی درآمدات کا حجم 4.29 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ مئی 2023 میں ایل این جی کی درآمدات پر 361 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال مئی کے مقابلہ میں 38 فیصد کم ہے، گزشتہ سال مئی میں ایل این جی کی درآمدات پر 584 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا تھا۔ اپریل کے مقابلہ میں مئی میں ایل این جی کی درآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 39 فیصد کی نمو ہوئی ہے، اپریل میں ایل این جی کی درآمدات کا حجم 259 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو مئی میں بڑھ کر 361 ملین ڈالر ہو گیا۔ واضح رہے کہ رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں پیٹرولیم گروپ کی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 22 فیصد کی ریکارڈ کی گئی ہے

بقیہ 55

سمنٹ فوری طور پر بند نہ کی گئی تو یہ ہڑتال غیر معینہ مدت تک کی جائے گی۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے صدر راؤ فیصل رحمان نے کہا کہ اگر زرعی ادویات سپرے نہ ہونے کی وجہ سے فصلوں کی کوئی نقصان ہوا تو اب اس کی ساری ذمہ داری محکمہ زراعت پر ہوگی۔ مرکزی انجمن تاجران کے رہنماؤں نے بھی احتجاج میں شرکت کی

بقیہ 56

سید مطلوب حسین سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' ریگل روڈ پر شاہد امین سے 83 ہزار روپے' فون' جھنگ روڈ ماڈل بازار سے عبداللہ سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' شیخ کالونی کے قریب سلیمان سے ساڑھے تین لاکھ روپے' فون' گلفشاں موڑ کے قریب منیب رضا سے 50 ہزار روپے' فون' طارق روڈ کے شہزاد سے نقدی' فون' الیاس پارک سے مظہر الدین سے 15 ہزار روپے' فون' بسم اللہ پارک کے عثمان خورشید سے 27 ہزار روپے' فون' چراغ ہوٹل کے قریب نعیم احمد سے 6 لاکھ 12 ہزار روپے' فون چھین لیا گیا

بقیہ 58

درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 59

پہنچنے سے پہلے بند ہو گئی تھی۔ گاڑی کو دھکا لگا کر مکینک کے پاس لائے تو معلوم ہوا کہ گاڑی میں پیٹرول کی جگہ پانی بھرا گیا ہے۔ شہری نے کہا جب ہم پیٹرول پمپ پر گاڑی واپس لائے تو منیجر سمیت پیٹرول پمپ کے مالکان کو کوئی شخص داد رسی کے لیے نہیں پہنچا۔ شہری نے کہا کہ سب کی گاڑیوں میں 235 روپے پر لٹر پانی بھر دیا گیا۔ لیکن یہاں پر کوئی ایکشن لینے کے لیے موجود نہیں، جب کہ ویڈیو میں ایک گاڑی بھی موجود ہے، جس میں گاڑی میں سے پیٹرول کی جگہ پانی نکلتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں موجود شخص کا کہنا تھا کہ شکایت باجود پیٹرول پمپ پر اسی رفتار سے پیٹرول فروخت کیا جا رہا ہے۔ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تو صارفین کی جانب سے بھی سخت ردعمل کا مظاہرہ کیا گیا۔ صارفین نے کہا کہ ایک تو حکومت نے پیٹرول اتنا مہنگا کر دیا ہے کہ سفر کرنا مشکل ہو گیا ہے اور پر اس طرح کے واقعات کی وجہ سے لوگوں کی پریشانی میں شدید اضافہ ہو رہا ہے۔ صارفین نے مذکورہ پیٹرول پمپ کے مالک کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا

بقیہ 60

ارگنائیزر بنانے انتہائی احسن اقدام ہے ان خیلات کا اظہار مسلم لیگ ن کی ڈویژنل صدر ڈاکٹر شاہستہ جدون نے گزشتہ روز ایبٹ آباد خواتین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا مزید کہا کہ ہزارہ ڈویژن مسلم لیگ ن کا گڑھ تھا اور انشاء اللہ اب بھی ہو گا خواتین اپنے قائد میاں محمد نواز شریف کا منشور گھر گھر تک پہنچائیں قائد کی بیٹی اور ہماری قائد مریم نواز نے مشکل ترین حالات میں پارٹی کو منظم اور فعال رکھا اس کی نظیر نہیں ملتی ہے ملک کے اندر مخلوط حکومت ہونے کے باوجود عوام کو موجودہ بجٹ میں ریلیف دیا گیا اور عوام دوست بجٹ بنایا گیا ہے صوبہ خیبر پختون خواہ میں مسلم لیگ کو فعال کیا جا رہا ہے انے والے دنوں بڑی شخصیات پارٹی میں شمولیت کا اعلان کریں گی صوبائی صدر امیر مقام اور جنرل سیکرٹری مرتضیٰ جاوید عباسی پارٹی کو مضبوط اور فعال بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 61

رہا ہے، ہمیں اپنے وسائل کو بروئے کار لانا ہوگا، قوموں کی زندگی میں ایسے چیلنجز آتے ہیں، آئیں آج وعدہ کریں پاکستان کی تقدیر بدلیں گے، حالات تقریروں سے نہیں عملی اقدامات سے بہتر ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد معرض وجود میں آیا، پاکستان دولخت ہوا ہمیں تاریخ سے سبق حاصل کرنا ہوگا، ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے کے بجائے اکنامک ایجنڈے پر اکٹھا ہونا ہوگا، جو بھی حکومت آئے اکنامک ایجنڈے پر پوری قوم کو یکسو ہونا ہوگا، خارجہ، اقتصادی پالیسی پر بھی سب کو یکسو ہونا ہوگا، قسم کھا کر کہتا ہوں اگر ہم متحد ہو جائیں تو دنیا میں پاکستانی پاسپورٹ کی عزت ہوگی۔ وزیراعظم نے مزید کہا ہے کہ چین کے بارے بعض لوگوں نے ایسے جملے کیے، جس سے وہ ناراض ہوا، چین کو یقین دہانی کرائی آئندہ ایسا نہیں ہو گا، سعودی عرب، یو اے ای، قطر اور چین پاکستان کی مدد کر رہا ہیں، دوست ممالک بارے الزامات سے گریز کرنا چاہیے

بقیہ 62

فریم ورک دینا ہو گا ندیم افضل چن نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے آج تک کبھی نہیں کہا کہ جوڈیشری میں ہمارے لوگ ہوں، پیپلز پارٹی کا نظریہ یہ ہے کہ ملک میں قانون کی حکمرانی ہو۔ انہوں نے کہا کہ میری رائے ہے چارٹر آف ڈیموکریسی میں تمام جماعتوں کو شامل کیا جائے، چارٹر آف ڈیموکریسی صرف 2 جماعتوں کے لیے نہیں تھا، بینظیر بھٹو کا مقصد تھا کہ ملک میں جمہوریت مضبوط ہو، اگر ملک میں کچھ غلط ہو رہا ہے تو اس کو ٹھیک کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے۔ بجٹ کے حوالے سے ندیم افضل چن نے کہا کہ پیپلز پارٹی کہتی ہے ملازمین کی تنخواہیں 50 فیصد بڑھائیں وہ نہیں بڑھائی گئیں، پیپلز پارٹی نے کہا کہ گندم کی قیمت بڑھائیں تاکہ کسان کو فائدہ ہو ندیم افضل چن سے سوال کیا گیا کہ پیپلز پارٹی اور حکومت کا اتحاد کب تک چلے گا؟ جس پر انہوں نے کہا کہ میرا خیال ہے اتحاد مہینہ یا ڈیڑھ مہینہ چلے گا، نون لیگ پنجاب میں پیپلز پارٹی کے ورکر کو اسپیس ہی نہیں دے رہی۔ انہوں نے کہا کہ بظاہر پنجاب میں نگران حکومت ہے لیکن وفاق کا کنٹرول ہے، پنجاب کو اس وقت نگران حکومت نہیں وفاقی حکومت چلا رہی ہے، کوئی ایک دن بتا دیں وزیراعظم نے پنجاب کے پی پی راہنماؤں سے ملاقات کی، ڈیڑھ مہینے بعد ہر کوئی اپنی مہم چلائے گا سب آزاد ہوں گے۔

بقیہ 63

والی ٹرین کا روٹ 8 ماہ بعد براستہ فیصل آباد بحال کر دیا ہے۔ پاکستان ریلوے کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ شالیمار ایکسپریس یکم جولائی سے براستہ فیصل آباد کراچی جائے گی۔ خسارے میں چلنے کی وجہ سے پاکستان ریلوے نے شالیمار ایکسپریس کے روٹ میں تبدیلی کی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اگست میں بارشوں اور سیلاب کے بعد بند کی جانے والی شالیمار ایکسپریس کو 8 مہینوں کی بندش کے بعد یکم مئی 2023 کو بحال کیا گیا تھا۔ جس کے بعد پاکستان ریلوے نے شالیمار ایکسپریس کو کراچی سے لاہور براستہ فیصل آباد کی بجائے براستہ ساہیوال چلایا تھا۔ اس حوالے سے پاکستان ریلوے کی جانب سے عوام کو یکم مئی سے 15 مئی تک 20 فیصد اور 16 مئی سے 31 مئی تک ٹرین کے کرایوں میں 10 فیصد خصوصی رعایت بھی دی گئی۔ تاہم اس روٹ پر شالیمار ایکسپریس کے زیادہ مسافر نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان ریلوے کو کافی نقصان ہو رہا تھا جس کے بعد اب ریلوے نے دوبارہ ٹرین کو براستہ فیصل آباد چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سانگلہ ہل اور گردونواح کے مسافروں نے شالیمار کے اسٹاپ کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 64

کے مالک تھے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے سندھ، بلوچستان میں قبائلی تنازعات کے خاتمے کیلئے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا۔ ان کے انتقال سے جو خلا پیدا ہوا ہے وہ مدتوں تک پر نہیں ہو سکتا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے بلند درجات اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی

بقیہ 65

آئے۔ محکمہ صحت نے بتایا ہے کہ قصور سے 56، سیالکوٹ سے 49 اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے خسرہ کے 43 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ فیصل آباد میں 42 بچے خسرہ سے متاثر ہوئے۔ ڈائریکٹر حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کے مطابق 265 متاثرہ یونینز میں 6 ماہ سے 5 سال کے بچوں کی ویکسی نیشن ہو رہی ہے، مئی سے جولائی تک خسرہ کے زیادہ کیسز سامنے آتے ہیں۔

بقیہ 66

سے یہ مہم سوشل میڈیا پر بھی شروع کی گئی۔ اس حوالے سے طالبات کا کہنا تھا کہ ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے ہی تمام مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ پوری دنیا میں اس وقت موسمیاتی تبدیلی کے اثرات رونما ہو چکے ہیں۔ سیاحتی مقامات کو آلودگی سے پاک رکھنے کے لیے ایک ہزار سے زائد افراد نے حصہ لیا۔ طالبات کا کہنا تھا کہ گرین میرا ہم سوشل میڈیا کے لیے ایک بہترین مثال ہے جس کا مقصد عوام کو موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحول کو آلودگی سے پاک رکھنا ہے

بقیہ 67

رہا ہے۔ کل سے اس کی شروعات ہو چکی ہے، ابھی تو بجٹ پر ووٹنگ ہونا باقی ہے۔ ہم ہر حلقے میں امیدوار تیار کر رہے ہیں، ہر کسی کو اپنے امیدوار تلاش کرنے کا حق ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بے گناہ پر ہاتھ نہیں ڈالا جائے گا تو بے گناہوں کو چھوڑ دیں۔ میری بیٹی وکلاء سے ملی، جیلوں کے چکر لگائے لیکن ڈٹ کر کھڑی رہی۔ انکا کہنا تھا کہ مجھ پر ملتان میں من گھڑت 5 کیس درج کیے گئے، 9 مئی کے واقعات کی وجہ سے مجھ پر 13 دفعات لگائی گئیں۔ مجھ پر 1 دفعات بھی ثابت نہیں کر سکتے، انتظامیہ میں کچھ تو خوف خدا ہونا چاہیے تھا۔ وائس چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ میں جہاں تھا وہیں کھڑا ہوں۔

بقیہ 68

کے مطابق تیسرے مرحلے میں گاکا سیکورٹی ٹیم اسلام آباد کا دورہ کر رہی ہے، گاکا کی 7 رکنی ٹیم کی سربراہی لیڈ انسپکٹر محمد انجم کر رہے ہیں، گاکا کی ایوی ایشن سیکورٹی ٹیم اے ایس ایف، ایئر لائنز کی سیکورٹی اقدامات کا جائزہ لے گی۔ گاکا ٹیم کارگو ہینڈلرز اور گراؤنڈ ہینڈلنگ ایجنسیز کی سیکورٹی کے عمل کی جانچ پڑتال بھی کرے گی۔ ترجمان نے کہا کہ گاکا کا ٹیم تیسرے مرحلے میں پشاور ایئرپورٹ کا معائنہ بھی کرے گی۔ سعودی گاکا ایوی ایشن سیکورٹی ٹیم کے دورے کا مقصد براہ راست سعودی عرب جانے والی پروازوں کو ایئرپورٹس پر فراہم کی جانے والی سیکورٹی کا جائزہ لینا ہے۔

پاک ایران دو طرفہ سیاسی مشاورت کا 12 واں دور، مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دفتر خارجہ کے مطابق سیکرٹری خارجہ ڈاکٹر اسد مجید خان اور ایران کے نائب وزیر خارجہ علی باغیری کنی نے دونوں ملکوں کی قیادت کی

ملاقات میں دوطرفہ تجارت کو بڑھانے، متنوع بنانے اور توانائی، ٹرانسپورٹ روابط، تعلیم اور عوام سے عوام کے تبادلوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان اور ایران کے دوطرفہ سیاسی مشاورت کا 12 واں دور تہران میں منعقد ہوا جس میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق سیکرٹری خارجہ ڈاکٹر اسد مجید خان اور ایران کے نائب وزیر خارجہ علی باغیری کنی نے دونوں ملکوں کی قیادت کی، ملاقات میں دوطرفہ تجارت کو بڑھانے، متنوع بنانے اور توانائی، ٹرانسپورٹ روابط، تعلیم اور عوام سے عوام کے تبادلوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں فریقین نے علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں قریبی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ اقتصادی کمیشن اور مشترکہ تجارتی کمیٹی سمیت مختلف ادارہ جاتی میکانزم کے باقاعدہ اجلاس کی اہمیت پر زور دیا۔ فریقوں نے اقوام متحدہ، او (بقیہ نمبر 33)



لاہور: نگران پنجاب کابینہ کا اجلاس کل دوبارہ طلب کرلیا گیا

یونان کشتی حادثہ، لواحقین ڈرنے کے بجائے ایجنٹ کا نام بتائیں FIA

ثرین ان کیسز میں گواہ بھی ہیں، ان کو آئین کے مطابق تحفظ حاصل ہوگا، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نارتھ

کشتی حادثے کے شکار افراد کے اہل خانہ ہم سے رابطہ کریں، انسانی سمگلرز کے خلاف مقدمات میں گواہ کا بیان انتہائی اہم ہوتا ہے، رانا عبدالجبار

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے) ایف آئی اے (کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نارتھ رانا عبدالجبار نے کہا ہے کہ کشتی حادثے کے شکار افراد کے اہل خانہ متاثرین ہیں، ڈرنے کے بجائے ایجنٹ کا نام بتائیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل نارتھ رانا عبدالجبار کا کہنا تھا کہ متاثرین ان کیسز میں گواہ بھی ہیں، ان کو آئین کے مطابق تحفظ حاصل ہو گا، کشتی حادثے کے شکار افراد کے اہل خانہ ہم سے رابطہ کریں، انسانی سمگلرز کے خلاف مقدمات میں گواہ کا بیان انتہائی اہم ہوتا ہے۔ رانا عبدالجبار کا کہنا تھا کہ تین انسانی سمگلرز گرفتار ہیں ان سے تفتیش کی جا رہی ہے، دیگر ممالک میں بیٹھے انسانی سمگلرز سے متعلق بھی ان ممالک سے رابطے میں ہیں، یونان میں کشتی کے حادثے کا جیسے ہی علم ہوا تو اس حوالے سے معلومات حاصل کی گئیں۔ ایڈیشنل (بقیہ نمبر 32)

کوئٹہ: بلوچستان کا مالی سال 24-2023 کا 750 ارب کا ٹیکس فری بجٹ پیش

باقیوں کا نہیں پتہ، تحریک انصاف کی الیکشن کی تیاری مکمل ہے

تحریک انصاف کا ٹکٹ ملا تو ضرور انتخابات لڑیں گے، پی ٹی آئی رہنما اسد عمر

الیکشن کمیشن کو انتخابات پر اعتماد کا ماحول بنانا پڑے گا، رہنماء تحریک انصاف

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر سے صحافی نے سوال کیا کہ کیا الیکشن ہونے جا رہے ہیں یا نہیں؟۔ اسد عمر نے جواب دیا کہ آئین میں لکھا ہے کہ الیکشن وقت پر ہونے چاہئیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے اختلافات سامنے آ رہے ہیں؟۔ اسد عمر نے جواب دیا کہ سنا ہے کہ کوئی ان بن چل رہی ہے ان کے درمیان، تحریک انصاف کی الیکشن کی تیاری مکمل ہے، انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف تیار ہے، باقیوں کا مجھے نہیں پتہ۔ تحریک انصاف کا ٹکٹ ملا (بقیہ نمبر 34)

بیوہ خاتون کو مکان دلوانے کے جھانسے میں پراپرٹی ڈیلر نے ٹھگ لیا

بیوہ خاتون انصاف کے حصول کی خاطر پریس کلب پہنچ گی

بااثر پراپرٹی ڈیلر سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہا ہے پولیس کارروائی سے گریزاں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان کے نواحی علاقے ڈھوک بابا رحیم داد سکنہ جیرور تیال کی خاتون کو پراپرٹی ڈیلرز نے ٹھگ لیا پولیس سے ناامید ہوکر بیوہ خاتون انصاف کے حصول کی خاطر پریس کلب پہنچ گی متاثرہ بیوہ خاتون کے مطابق پراپرٹی ڈیلر مکان دینے کے بجائے سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہا ہے مجھے سخت جانی اندیشہ ہے جبکہ پولیس نے بھی بااثر پراپرٹی ڈیلر کے خلاف تاحال کوئی کاروائی نہیں کی اس بابت سی پی او راولپنڈی کو بھی ایک درخواست دی تاہم اس پر بھی (بقیہ نمبر 36)

بخدمت جناب CPO صاحب راولپنڈی
پوٹھوہار پریس کلب
POTHOHAR PRESS CLUB
Housing Scheme No. 1 Gujar Khan

گوجر خان: بیوہ خاتون کو مکان دلوانے کے جھانسے میں پراپرٹی ڈیلر نے ٹھگ لیا

نجم الثاقب کی آڈیو لیک پر طلبی کے خلاف حکم امتناع میں توسیع

ہوسکتا ہے ہم کوئی فیصلہ دیں تو وہ سپریم کورٹ کے لئے معاون ہو، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے نجم الثاقب کی آڈیو لیک پر خصوصی کمیٹی میں طلبی کے خلاف حکم امتناع میں توسیع کر دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس بابر ستار نے کیس کی سماعت کی، عدالتی معاون بیرسٹر اعتزاز احسن اور وکیل درخواست گزار سردار لطیف کھوسہ عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس بابر ستار نے بیرسٹر اعتزاز احسن، رضا ربانی، مخدوم علی خان اور بیرسٹر محسن شاہنواز رانجھا کو عدالتی معاونین مقرر کیا تھا۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے دلائل دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 40)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت کی زیر صدارت محکمہ فشریز کا اجلاس

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت وتوانائی ایس ایم تنویر کی زیر صدارت نیو منسٹر بلاک میں اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ فشریز کے تنظیمی ڈھانچے، امور اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر ایکسائز بلال افضل، ڈی جی فشریز ڈیپارٹمنٹ اور دیگر افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے مچھلی کی پیداوار (بقیہ نمبر 39)

یونان میں کشتی حادثہ بہت بڑا انسانی المیہ ہے، نواز شریف

سینکڑوں اموات کے ذمہ دار ایجنٹوں اور کمپنیوں کا کڑا محاسبہ ہونا چاہیئے

میتوں کو جلد از جلد پاکستان لانے کے فوری انتظامات کئے جائیں، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد اور سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ یونان میں کشتی حادثہ بہت بڑا انسانی المیہ ہے، سینکڑوں اموات کے ذمہ دار ایجنٹوں اور کمپنیوں کا کڑا محاسبہ ہونا چاہیئے۔ انہوں نے ٹویٹر پر اپنے پیغام میں کہا کہ یونان میں کشتی حادثہ بہت بڑا انسانی المیہ ہے۔ سینکڑوں انسانوں کی موت کا سبب بننے والے افراد، ایجنٹوں اور کمپنیوں کا کڑا احتساب کرنے کیلئے حکومت کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔ میتوں کو جلد از جلد پاکستان لانے کے فوری انتظامات کئے جائیں۔ اللہ تعالی مرحومین کی مغفرت فرمائے اور اُن کے پیاروں کو صبر جمیل دے۔ آمین۔ مزید برآں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان نے کہا کہ یونان میں کشتی کے حادثہ میں ہونے والی اموات ایک بہت بڑا سانحہ ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ملک بھر کے عوام اپنے بھائیوں کی دیار غیر میں اموات پر سوگوار ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ کو روکنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے (بقیہ نمبر 38)

عدالت نے شہریار آفریدی کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عدالت نے شہریار آفریدی کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں شہریار آفریدی کے خلاف 9 مئی واقعات پر تھانہ آئی نائن میں درج کیس کی سماعت ہوئی۔ شہریار آفریدی کو جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر جوڈیشل مجسٹریٹ نوید خان کی عدالت میں پیش (بقیہ نمبر 37)

بحریہ ٹاؤن میں پولیس پارٹی پر 05 ملزمان کی فائرنگ

تھانہ روات کے علاقہ، ہلاک ڈاکو کی شناخت نور آغا کے نام سے ہوئی

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) تھانہ روات کے علاقہ بحریہ ٹاؤن میں پولیس پارٹی پر 05 ملزمان کی فائرنگ، فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک، دیگر ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے، ہلاک ڈاکو کی شناخت نور آغا کے نام سے ہوئی، ہلاک ڈاکو نے چند روز قبل بحریہ ٹاؤن میں واردات کے دوران فائرنگ کر کے آزاد کشمیر کے معزز جج سردار امجد اسحٰق کو جاں بحق کر دیا تھا، اہم مقدمہ کی تفتیش کے مطابق ہلاک ڈاکو نور آغا نے ہی واردات کے دوران فائرنگ کر کے معزز جج سردار امجد اسحٰق کو قتل کیا تھا، بی (بقیہ نمبر 35)

چوہدری شجاعت کی پرویز الٰہی کو ق لیگ میں واپسی کی پیشکش

پرویز الٰہی نے فی الحال تحریک انصاف چھوڑنے سے انکار کر دیا

مونس الٰہی نے بھی پرویز الٰہی کی ق لیگ میں واپسی کے امکان کو مسترد کر دیا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) چوہدری شجاعت سے ملاقات کے بعد پرویز الٰہی کی ق لیگ میں واپسی کی خبریں گردش کرنے لگیں تاہم چوہدری پرویز الٰہی کے صاحبزادے مونس الٰہی نے اس کی تردید کر دی۔ صدر مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین نے صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات کی، چوہدری شجاعت نے پرویز الٰہی کی خیریت دریافت کی۔ کیمپ جیل میں ایک گھنٹے تک جاری رہنے والی ملاقات میں مختلف امور پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں چوہدری شجاعت کے صاحبزادے سالک حسین بھی شریک ہوئے۔ رپورٹ کے مطابق چوہدری شجاعت نے پرویز الٰہی کو تحریک انصاف چھوڑ کر خاندان میں واپس آنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ واپس آ جائیں تو موجودہ معاملات بہتر ہو سکتے ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی نے فی الحال پی ٹی آئی چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق پرویز الٰہی کو یہ بھی واضح کیا گیا کہ ان کے خلاف قائم کیے گئے مقدمات میں خاندان کے کسی فرد کا عمل دخل نہیں۔ اسی (بقیہ نمبر 41)

عمران خان اور اسد عمر کا عدالت میں آمنا سامنا، ملاقات سلام کرنے تک ہی محدود رہی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان اور اسد عمر کا 9 مئی کے بعد پہلی بار آمنا سامنا ہوا۔ ایڈیشنل سیشن جج سکندر خان کی عدالت میں اسد عمر نے عمران خان سے ہاتھ ملا کر سلام کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسد عمر اور چیئرمین پی ٹی آئی کی کمرہ عدالت میں مختصر ملاقات ہوئی، اسد عمر جج سکندر خان کی کمرہ عدالت میں بیٹھے ہوئے تھے۔ عمران خان اور اسد عمر نے سلام کیا اور ہاتھ ملایا۔ اسد عمر نے چیئرمین پی ٹی آئی کو ساتھ کرسی پر بیٹھنے کی جگہ دی۔ عمران خان (بقیہ نمبر 42)

ہماری معیشت ٹھیک ہوتی تو یونان سانحہ نہ ہوتا، خواجہ آصف

یونانی کوسٹ گارڈز نے ڈوبتے ہوئے لوگوں کو نہ بچا کر بے حسی کا مظاہرہ کیا، وزیر دفاع

انسانی اسمگلنگ میں ملوث لوگوں کیخلاف کارروائی ہونی چاہیے، وزیر دفاع کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ہماری معیشت ٹھیک ہوتی تو یونان کشتی حادثہ نہ ہوتا، روزگار اور تعلیم کے مواقع نہ ہونے کی وجہ سے نوجوان بیرون ملک جاتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر دفاع خواجہ آصف نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کیا کہ یونان کشتی حادثے میں ہونے والی اموات بہت بڑا سانحہ ہے، یونانی کوسٹ گارڈز نے اس واقعہ میں بہت ظلم کیا۔ کوسٹ گارڈز نے بے حسی کا مظاہرہ کیا اور ڈوبتے ہوئے لوگوں کو نہ بچایا، یونان کے لوگوں نے اس پر احتجاج کیا۔ پارلیمنٹ سانحہ یونان کے سوگواروں کے غم میں شریک ہے، غیر قانونی طور پر بیرون ملک بھجوانے والوں (بقیہ نمبر 45)

FIA PUNJAB ZONE LAHORE
وفاقی تحقیقاتی ادارہ پنجاب زون لاہور

اسلام آباد: اداروں کیخلاف مہم: پی ٹی آئی کے تین اہم رہنما ایف آئی اے طلب

سرکاری ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی وصولی کے لئے بینکوں کی تمام برانچیں ہفتہ کو کھلی رہیں گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی ادائیگی میں سہولت دینے کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو) ایف بی آر (کی درخواست پر فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینکوں کی تمام برانچیں جو ہفتہ کو کھلی رہتی ہیں وہ اے ڈی سی کی کاؤنٹر پر ٹیکس وصولی کے لیے 24 جون 2023 کو معمول کے بینکاری اوقات میں شام 5:30 بجے تک کھلی رہیں گی۔ مزید برآں، تمام بینکوں کو (بقیہ نمبر 44)

فواد چوہدری کا استحکام پاکستان پارٹی کا حصہ ہونے سے متعلق پارٹی ترجمان کا ردِعمل

لاہور (جنرل رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکریٹری اطلاعات فردوس عاشق اعوان نے پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما فواد چوہدری کے استحکام پاکستان پارٹی کا حصہ ہونے سے متعلق سوال کا جواب دے دیا۔ فردوس عاشق اعوان نے صحافی کے سوال کے جواب میں کہا کہ فواد چوہدری آزاد شہری ہیں۔ وہ اپنی مرضی کے مطابق سیاست کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ فواد چوہدری (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: یونان کشتی حادثہ: لواحقین کی معاونت کیلئے وزارت داخلہ میں کوآرڈی نیشن سیل قائم

ڈاکٹر جمال ناصر نے راولپنڈی میں ہیلتھ میلہ کا افتتاح کیا

کم وسائل طبقہ تک صحت کی بہترین سہولیات پہنچانا مشن ہے، ڈاکٹر جمال

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) نگران وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے راولپنڈی میں ہیلتھ میلہ کا افتتاح کیا جو کہ ایڈن مارک آئی جے پی روڈ میں منعقد کیا گیا تھا۔ ہیلتھ میلہ کا مقصد کم وسائل والے طبقات تک ماں اور بچے کی صحت، عمومی و ذہنی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات پہنچانا ہے۔ ہیلتھ میلہ میں ماں اور بچے کی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کے کاؤنٹرز کے علاوہ الیکٹرانک میڈیکل ریکارڈ، نیوٹریشن سکریننگ، الٹراساؤنڈ اور ذہنی صحت کلینک بھی قائم کئے گئے تھے۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر جمال ناصر تمام سٹالز پر گئے جہاں پر انکو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہیلتھ راولپنڈی (بقیہ نمبر 48)

نامعلوم رکشہ کی موٹر سائیکل کو ٹکر، موٹر سائیکل سوار جاں بحق

ریسکیو ٹیموں نے نعش ضروری کارروائی کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال منتقل کر دی

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) مین جی ٹی روڈ نزد اسپائر کالج کے قریب نامعلوم رکشہ نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماری اور فرار ہوگیا۔ حادثہ میں موٹر سائیکل پر سوار شخص کو شدید نوعیت کی سر کی چوٹیں آئیں۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی موٹر بائیک سروس اور ایمبولینس فوری جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو ٹیموں نے زخمی کو فوری ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ زخمی شخص شدید سر کی چوٹ کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں (بقیہ نمبر 46)

فیصل آباد، ضلع کچہری سے خیبر پختونخواہ کا ملزم ہتھکڑی سمیت فرار ہوگیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد ضلع کچہری سے خیبر پختونخواہ کا ملزم ہتھکڑی سمیت فرار ہوگیا جبکہ فرار ہونے والے ملزم کے ساتھیوں نے پولیس پارٹی سے حملہ کر کے تھانیدار کی وردی (بقیہ نمبر 47)

ایس ایچ او تھانہ گوجر خان اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ

منشیات کا ملزم گرفتار چرس برآمد مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجر خان ملک محمد نواز اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ پولیس تھانہ گوجر خان نے ایس ایچ او کی سربراہی میں مخبر خاص کی اطلاع کو معقول جانتے ہوئے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے ملزم مسمی وسیم شفقت پرویز ولد شفقت شکنہ کلیام اعوان گوجر خان سے 1230 گرام چرس برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 845/23 بجرم 9(1)3c ت پ تھانہ گوجر خان درج کر کے ملزم کو حسب (بقیہ نمبر 50)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF PAKISTAN

کراچی: الیکشن شیڈول کے اعلان تک ووٹر فہرستیں منجمد کرنیکا فیصلہ واپس لیا جائے: ایم کیو ایم

وفاقی وزیر مذہبی امور فرضہ حج کی ادائیگی اور حج آپریشن کی نگرانی کے لئے سعودی عرب روانہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر محمد طلحہ محمود فرضہ حج کی ادائیگی اور حج آپریشن کی نگرانی کے لئے سعودی عرب روانہ ہوگئے۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق وزیر مذہبی امور عمرے کی ادائیگی کے بعد حج آپریشن کا جائزہ لیں گیا اور سعودی حکام سے ملاقاتیں بھی کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر مذہبی امور حج کے (بقیہ نمبر 49)

سپریم کورٹ نے نظرِ ثانی کے نئے قانون کے خلاف آئینی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کر لیا

تمام درخواستگزاروں کا شکریہ، محفوظ فیصلہ جلد سنائیں گے، دیکھیں کیس کا کیا بنتا ہے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کے ریمارکس

سپریم کورٹ پنجاب انتخابات نظرثانی کیس کو سن سکتی ہے، عدالت انتخابات نظرثانی کا فیصلہ ریویو ایکٹ کے فیصلے تک روک سکتی ہے

اسلام آباد (خبر نگار) سپریم کورٹ ریویو آف آرڈرز اینڈ ججمنٹس ایکٹ کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کر لیا گیا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں قائم 3 رکنی بینچ نے ریویو آف آرڈرز اینڈ ججمنٹس ایکٹ کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کی، تحریک انصاف کے وکیل علی ظفر نے دلائل مکمل کر لیے۔ درخواستگزار علی محی الدین نے علی ظفر کے دلائل اپنا لیے۔ زمان خان وردگ نے بھی علی ظفر کے دلائل اپنا لیے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیئے کہ تمام درخواستگزاروں کا شکریہ۔ تمام درخواستگزار اپنے دلائل تحریری طور پر بھی جمع کرا دیں۔ تحریری جواب میں ریفرنسز بھی شامل کریں تاکہ مدد مل سکے۔ فیصلہ جلد سنائیں گے، دیکھیں کیس کا کیا ہوتا ہے۔ وکلاء کو دو سے تین دن میں تحریری معروضات جمع کرنے کی ہدایت کی گئی۔ خیال رہے کہ 7 جون کو ہونے والی سماعت میں تحریک انصاف کے وکیل بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ میں بھی یہی معاملہ اٹھایا گیا تھا، سپریم کورٹ نے اس پر حکم امتناع دے رکھا ہے، سپریم کورٹ کے پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کا حکم امتناع ریویو ایکٹ پر بھی لاگو ہوتا ہے، سپریم کورٹ پنجاب انتخابات نظرثانی کیس کو سن سکتی ہے، عدالت انتخابات نظرثانی کا فیصلہ ریویو ایکٹ کے فیصلے تک روک سکتی ہے۔ جسٹس منیب اختر کا کہنا تھا کہ اگر ریویو ایکٹ لاگو (بقیہ نمبر 51)

ریموٹ کنٹرول کے ذریعے 50 فیصد کم پٹرول ڈالنے کا انکشاف

بذریعہ ریموٹ کنٹرول کم پٹرول ڈالنے میں ملوث 6 افراد کو حراست میں بھی لے لیا گیا، 2 پٹرول پمپ سیل کر دیئے گئے

ترجمان اوگرا کے مطابق شیخوپورہ میں ضلعی انتظامیہ کیا شتراک سے کم پٹرول ڈالنے والے پمپوں کے خلاف کارروائی شروع کی گئی

لاہور (جنرل رپورٹر) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے شیخوپورہ میں ریموٹ کنٹرول کے ذریعے 50 فیصد کم پٹرول ڈالنے والے 2 پیٹرول پمپ سیل کر دیے۔ پولیس کی جانب سے دھوکہ دہی میں ملوث 6 افراد کو حراست میں بھی لے لیا گیا ہے۔ ترجمان اوگرا کے مطابق شیخوپورہ میں ضلعی انتظامیہ کیا شتراک سے کم پٹرول ڈالنے والے پمپوں کے خلاف کارروائی شروع کی گئی تو 2 پٹرول پمپوں پر ڈسپنسر میں نصب ڈیجیٹل آلات پکڑے گئے۔ ترجمان اوگرا کا کہنا ہے کہ ان پمپوں پر ریموٹ کنٹرول کے ذریعے 50 فیصد کم پٹرول بھرا جاتا تھا۔ اوگرا اور ضلعی انتظامیہ نے ریموٹ کنٹرول آلات ضبط کر کے 6 افراد کو پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔ خیال رہے کہ پمپ پر پٹرول کے ساتھ پانی ملانے کا انکشاف ہوا تھا، ساہیوال میں ایک پٹرول پمپ کی ویڈیو سامنے آئی تھی جہاں پر شہریوں کو بطور احتجاج جمع دیکھا جا سکتا تھا۔ شہری ویڈیو میں بتا رہا تھا کہ اس نے 11 ہزار 699 میں گاڑی کی ٹنکی فل کروائی تھی تاہم گاڑی پاکستان (بقیہ نمبر 59)

مسلم لیگ ن ملک کو بحرانوں سے نکالے گی: ڈاکٹر شائستہ جدون

ایبٹ آباد (جنرل رپورٹر) مسلم لیگ ن ملک کو بحرانوں سے نکالے گی مسلم لیگ ن کے پارٹی انتخابات کے بعد مسلم لیگ کو مزید منظم اور فعال کیا جائے گا وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو پارٹی کا صدر اور مریم نواز کو پارٹی کا چیف (بقیہ نمبر 60)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائیاں

05 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے ملزم الیاس سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم اُسامہ سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ویسٹریج پولیس نے ملزم حسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مورگاہ پولیس نے ملزم نعیم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر بیرونی پولیس نے ملزم ظہور احمد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے ملزم الیاس سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم اُسامہ سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ویسٹریج پولیس نے ملزم حسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مورگاہ پولیس نے ملزم نعیم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر بیرونی پولیس نے ملزم ظہور احمد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات (بقیہ نمبر 58)

ایل این جی کی درآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 19 فیصد کمی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) ایل این جی کی درآمدات میں رواں مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 19 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2022 سے مئی 2023 کے دوران ایل این جی کی درآمدات پر 3.47 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو (بقیہ نمبر 54)

آندھی، طوفانی بارش سے 7 افراد جاں بحق

دوسری جانب لاہور کے مختلف علاقوں میں آندھی کے ساتھ بارش ہوئی

تیز آندھی اور طوفانی بارشوں سے 16 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں تیز آندھی اور طوفانی بارش سے 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پی ڈی ایم اے رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے شہروں پشاور، بنوں، لکی مروت، ڈی آئی خان اور مانسہرہ میں آندھی اور طوفانی بارش کے باعث دو دیواریں اور چھتیں گرنے سے 7 افراد جاں بحق اور 71 زخمی ہوگئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ صوبہ بھر میں تیز آندھی اور طوفانی بارشوں سے 16 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ دوسری جانب لاہور کے مختلف علاقوں میں آندھی کے ساتھ بارش ہوئی جہاں دیوار گرنے سے خاتون جاں بحق اور تین افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ادھر جہلم (بقیہ نمبر 52)

ٹاؤن کمیٹی ڈگری کے چیئرمین، کی حلف برداری ٹاؤن کمیٹی ڈگری میں منعقد

چیئرمین ڈاکٹر میر ذوالفقار علی خان تالپور اور وائس چیئرمین بابو محمد حنیف ارائیں نے حلف اٹھایا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ٹاؤن کمیٹی ڈگری کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی حلف برداری ٹاؤن کمیٹی ڈگری میں منعقد ہوئی اسسٹنٹ کمشنر ڈگری محمد آصف خاصخیلی نے حلف لیا۔ ریٹرننگ آفیسر محمد آصف خاصخیلی نے ٹاؤن کمیٹی ڈگری کے چیئرمین ڈاکٹر میر ذوالفقار علی خان تالپور اور وائس چیئرمین بابو محمد حنیف ارائیں نے حلف اٹھایا اس موقع پر رکن سندھ اسمبلی میر طارق علی خان تالپور، میر شارق علی (بقیہ نمبر 53)

اوکاڑہ۔ پیسٹی سائیڈ ڈیلر ایسوسی ایشن اوکاڑہ کی جانب سے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

اوکاڑہ (جنرل رپورٹر) احتجاج محکمہ زراعت، پلانٹ پروٹیکشن اور انتظامیہ کے تضحیک آمیز رویہ کے خلاف کیا گیا۔ پیسٹی سائیڈ ڈیلر ایسوسی ایشن نے آج پورے پنجاب میں شٹر ڈاؤن کی کال دے رکھی تھی۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ اگر یہ ہرا (بقیہ نمبر 55)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 110 سے زائد سے وارداتوں، پولیس کی ناکہ بندیاں بے سود نہتے شہری جگہ جگہ لٹتے رہے، پولیس خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتی رہی۔ تفصیلات کے مطابق ٹھنڈی کھوئی روڈ پر شاہد عمران سے ڈیڑھ لاکھ روپے، فون، راجباہ روڈ سے (بقیہ نمبر 56)

کراچی، نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق، پولیو مہم شروع

پولیو ورکرز کی حفاظت کے لئے 2200 پولیس اہلکار تعینات ہوں گے

کراچی (سٹی رپورٹر) کراچی کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق کے بعد انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ محکمہ صحت کے حکام کے مطابق سندھ کے مختلف اضلاع میں انسداد پولیو مہم 25 جون تک جاری رہے گی۔ حکام نے کہا ہے کہ مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر 18 لاکھ بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، انسداد پولیو مہم سندھ کے 9 اضلاع کی 120 یونیز میں شروع کی جا رہی ہے۔ محکمہ صحت نے کہا کہ انسداد پولیو مہم حیدرآباد اورا جامشورو میں ہوگی، پولیو مہم کراچی کے ضلع وسطی، شرقی، کیماڑی، کورنگی، ملیر، جنوبی اور غربی میں ہوگی۔ حکام نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں 10 ہزار سے زائد پولیو ورکرز حصہ لے رہے ہیں، پولیو ورکرز کی حفاظت کے لئے 2200 پولیس اہلکار تعینات ہوں گے۔ حکام نے کہا ہے کہ مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر 18 لاکھ بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، انسداد پولیو مہم سندھ کے 9 اضلاع کی 120 یونیز میں شروع کی جا رہی ہے۔ محکمہ صحت (بقیہ نمبر 61)

سعودی جنرل اتھارٹی آف ایوی ایشن کی سکیورٹی ٹیم کا دورہ پاکستان کے تیسرے مرحلے کا آغاز

کراچی (جنرل رپورٹر) سعودی جنرل اتھارٹی آف ایوی ایشن) گاکا (کی ایوی ایشن سکیورٹی ٹیم نے دورہ پاکستان کے تیسرے مرحلے کا پیر سے آغاز کر دیا۔ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے ترجمان کی طرف سے پیر کو جاری بیان (بقیہ نمبر 68)

ڈگری: ٹاؤن کمیٹی ڈگری کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی حلف برداری ٹاؤن کمیٹی ڈگری میں منعقد ہوئی

لاہور: سابق وزیر اعلی پنجاب عثمان بزدار کو نیب نے 22 جون کو طلب کر لیا

پیپلز پارٹی اور حکومت کا اتحاد مہینہ یا ڈیڑھ مہینہ چلے گا

نون لیگ پنجاب میں پیپلز پارٹی کو اسپیس ہی نہیں دے رہی، ندیم افضل چن

پنجاب میں نگران حکومت کو وفاق سے کنٹرول کیا جا رہا ہے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پیپلز پارٹی کے رہنما ندیم افضل چن نے دعویٰ کیا کہ پیپلز پارٹی اور حکومت کا اتحاد مزید مہینہ یا ڈیڑھ مہینہ چلے گا، نون لیگ پنجاب میں پیپلز پارٹی کے ورکرز کو اسپیس ہی نہیں دے رہی نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی میں ہر کسی کا اپنا موقف ہوتا ہے، فیصلہ وہی حتمی ہوتا ہے جو پارٹی کرتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب میں بڑے عرصے تک نون لیگ کی حکومت رہی ہے، پنجاب میں بیوروکریسی بھی نون لیگ کے مائنڈ سیٹ والی ہے، پیپلز پارٹی کے نظریاتی کارکن کا ٹکرا؟ لیگی ووٹر سے زیادہ ہے، الیکشن میں جانے کے لیے عوام کو آئندہ کا (بقیہ نمبر 62)

صوبائی مشیر توانائی بلوچستان کا سردار میر منظور خان پہنور کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) صوبائی مشیر توانائی میر محمد عمر خان جمالی نے سابق صوبائی وزیر سردار میر منظور خان پہنور کی اچانک وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سردار میر منظور خان پہنور ایک مخلص، سچے اور خیرخواہ عوام دوست شخصیت (بقیہ نمبر 64)

فاطمہ جناح وویمن یونیورسٹی کی طالبات کا موسمیاتی تبدیلی

پاکستان پر اس کے اثرات کے حوالے سے گرین ٹیرا کی کامیاب مہم کا انعقاد

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) فاطمہ جناح وویمن یونیورسٹی کی طالبات کا موسمیاتی تبدیلی اور پاکستان پر اس کے اثرات کے حوالے سے گرین ٹیرا کی کامیاب مہم کا انعقاد کیا۔ فاطمہ جناح وویمن یونیورسٹی کی انٹرنیشنل ریلیشن کی طالبات حلیمہ حفیظ اور عشاراشد نے بنجوسہ جھیل کی خوبصورتی اور اس کو آلودگی سے پاک رکھنے کے لئے ایک مہم کا آغاز کیا۔ اس مہم کا مقصد ماحولیاتی اثرات پر آگاہی دینا اس کی دوسروں کو تعلیم دینا اور بڑے پیمانے پر ماحولیاتی آلودگی سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ طالبات کی جانب (بقیہ نمبر 66)

پی ڈی ایم اتحاد بکھرنے کی شروعات ہو چکی ہے، شاہ محمود قریشی

بلاول بھٹو نے سوات جلسے میں بجٹ میں سندھ کی ایلوکیشن پر تبصرہ کیوں نہیں کیا؟ وائس چیئرمین تحریک انصاف

انتظامیہ میں کچھ تو خوف خدا ہونا چاہیے تھا۔ وائس چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ میں جہاں تھا وہیں کھڑا ہوں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ پی ڈی ایم اتحاد بکھرنے کی شروعات ہو چکی ہے۔ عملی طور پر یہ اتحاد ختم ہو چکا ہے، اب صرف اعلان کرنا باقی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو نے جلسے میں سوات کے حوالے سے خدشات ظاہر کئے، سندھ کے بارے میں بلاول بھٹو ٹھیک کہہ رہے ہیں تاہم بجٹ میں سندھ کی ایلوکیشن کے بارے میں تبصرہ کیوں نہیں کیا؟۔ آزاد کشمیر کے وزراء الیکشن میں ٹھپے لگنے کا اعتراض اٹھا رہے ہیں، کیوں نہیں پیپلز پارٹی اور ن لیگ فیصلہ کرتی پی ڈی ایم کے اتحاد کو برقرار رکھنا ہے یا نہیں۔ انکا کہنا تھا کہ اگر آزاد کشمیر کے الیکشن میں ن لیگ نے پیپلز پارٹی کے ساتھ دھاندلی کی تو پھر میئر کراچی کے الیکشن میں ن لیگ نے پیپلز پارٹی کو 13 ووٹ کیوں دیئے؟ میئر کراچی کے الیکشن میں آپ نے اپنا احتجاج کیوں نہیں ریکارڈ کرایا؟۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ میرے کلپس اور انٹرویز موجود ہیں، میں نے کہا تھا پی ڈی ایم کا اتحاد بکھر (بقیہ نمبر 67)

پنجاب میں اپریل میں خسرہ کے 2 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پنجاب میں اپریل سے مئی کے دوران خسرہ کے 2 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق لاہور میں 580 سے زائد بچے خسرہ میں مبتلا ہوئے، راولپنڈی سے 521، حافظ آباد سے 114، جھنگ سے 99 اور شیخوپورہ سے 72 کیسز سامنے (بقیہ نمبر 65)

فیصل آباد اور گردونواح کے ریلوے مسافروں کے لیے اچھی خبر

شالیمار ٹرین کا یکم جولائی سے براستہ فیصل آباد لاہور سے کراچی روٹ بحال کر دیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد اور گردونواح کے ریلوے مسافروں کے لیے اچھی خبر۔ شالیمار ٹرین کا یکم جولائی سے براستہ فیصل آباد لاہور سے کراچی روٹ بحال کر دیا گیا ہے۔ لاہور اور کراچی کے درمیان چلنے والی شالیمار ایکسپریس کا روٹ تبدیل کر دیا گیا۔ شالیمار ایکسپریس کراچی اور لاہور کے درمیان روٹ پر چلتی ہے لیکن اب پاکستان ریلوے نے کراچی سے لاہور کے درمیان چلنے (بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035